E-mail dailyshamal1991@gmail.com
dailyshamal.com.pk
A.B.C CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
صوبہ بختونخواہ کا سب سے زیادہ فروخت ہونیوالا اخبار
The Daily SHAMAL ABBOTTABAD
روزنامہ
شمال
ایبٹ آباد
بیاد
نیاز پاشا جدون
فون نمبر
0992-385577
جلد نمبر 37
جمعرات 12 ذیقعدۃ 1447ھ 30 اپریل 2026ء 2083ب
صفحات 4
قیمت 20 روپے
شمارہ نمبر 60

کاغان ویلی میں 2 کمسن بچے دریائے کنہار میں گر کر لاپتہ علاقہ میں کہرام

مانسہرہ (شیخ نذیر+نمائندگان شمال) کاغان ویلی کے علاقے ٹرپئی میں ایک انتہائی دلخراش واقعہ پیش آیا ہے جہاں دو کمسن بچے دریائے کنہار میں گر کر لاپتہ ہو گئے، جس کے بعد علاقے میں کہرام مچ گیا۔ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 1)

جھاری کس میں کار اور موٹر سائیکل میں تصادم 2 جاں بحق

کامسیٹس یونیورسٹی قریب خوفناک تصادم کی آوازیں دور دور تک سنی گئیں اطلاع موصول ہوتے ہی مقامی لوگوں اور پولیس کی جانب سے امدادی کاروائیوں میں بھرپور حصہ لیا گیا

سرائے نعمت خان (ڈاکٹر محمد ساجد اعوان) جھاری کس کے قریب موٹر کار اور موٹر سائیکل میں تصادم دو افراد جاں بحق کامسیٹس یونیورسٹی قریب موٹر کار اور موٹر سائیکل میں زور دار تصادم کے نتیجے میں دو افراد جان سے ہاتھ دھو بیٹھے جبکہ زخمی افراد کی بھی اطلاعات موصول ہو رہی ہیں زرائع کے مطابق گزشتہ روز پولیس چوکی جھاری کس کے قریب موٹر کار و موٹر سائیکل کے درمیان جاری کس کے مقام پر خوفناک تصادم کے نتیجے میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2)

مانسہرہ، ریسکیو اہلکار و مقامی لوگ کاغان دریائے کنہار میں ڈوبنے والے بہن اور بھائی کی تلاش کر رہے ہیں جبکہ دوسری جانب بچوں کی فائل فوٹو

تازہ ترین خبروں اور SHAMAL E Paper کیلئے وزٹ کیجئے
dailyshamal.com.pk

چھتر پلین کی تین مساجد سے یو پی ایس کی بیٹریاں چوری

چوروں نے اللہ کے گھروں کو بھی نہ بخشا، ایک ہی رات میں تین وارداتیں کیں

کوش ولی (بیورو چیف) چوروں نے اللہ کے گھروں کو بھی نہ بخشا ایک ہی رات میں چھتر پلین کی تین مساجد سے یو پی ایس کی بیٹریاں چوری کر دیں۔ چوروں نے چھتر پلین سوئیاں نخولی کی دو مختلف مساجد کے کھڑکی اور دروازہ توڑ کر اندر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3)

صوبائی حکومت نے شاملات زمینوں کے انتقال پر پابندی عائد کر دی

اس سلسلے میں محکمہ مال خیبر پختونخوا نے باقاعدہ اعلامیہ جاری کر دیا ہے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) حکومت خیبر پختونخوا نے شاملاتی اراضی (شاملات زمینوں) کے انتقالات پر مکمل پابندی عائد کر دی ہے۔ اس سلسلے میں محکمہ مال خیبر پختونخوا نے باقاعدہ اعلامیہ جاری کر دیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق مختلف اضلاع میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4)

ایبٹ آباد، ماربل ویسٹ کے مسئلے کے حل کے لیے پیش رفت

مسئلے کا مستقل اور موثر حل نکالنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں، اے سی ایبٹ آباد (ارمغان عباسی) ایبٹ آباد میں ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر افراسیاب نے مانگل بچاؤ تحریک کے نمائندگان حاجی انور خان جدون، سید محمد علی شاہ اور سید احسن رضا کے ہمراہ ایبٹ آباد چیمبر آف کامرس میں سمال انڈسٹری سے وابستہ افراد سے اہم ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے بتایا کہ کامسٹ یونیورسٹی کے ساتھ ایک (بقیہ صفحہ 3 نمبر 5)

صوبے کے ہسپتالوں میں ڈائیگناسٹک سہولیات آؤٹ سورس کرنے کا فیصلہ

مریضوں کو بلا تعطل تشخیصی سہولیات فراہم کرنے کے لیے پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت ایم آر آئی اور سی ٹی اسکین مشینیں نصب کرنے دی جائیں گی

ہری پور (کرائم رپورٹر) خیبر پختونخوا حکومت نے سرکاری ہسپتالوں کے بعد اب صوبے میں ہسپتالوں میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 6)

موسم گرما کی شدت کے ساتھ ہی بجلی کا بحران سنگین ہو گیا

ملک میں بجلی کی مجموعی طلب 22 ہزار میگاواٹ ہے، بند پلانٹس چلانے کا مطالبہ

ہری پور (کرائم رپورٹر) ہری پور سمیت ملک بھر میں موسم گرما کی شدت کے ساتھ ہی بجلی کا بحران سنگین صورتحال اختیار کر گیا ہے، بجلی کا مجموعی شارٹ فال 6 ہزار (بقیہ صفحہ 3 نمبر 8)

بارش ہونے سے ضلع مانسہرہ موسم خوشگوار ہو گیا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ شہر و گردنواح میں گرج چمک و تیز (بقیہ صفحہ 3 نمبر 7)

ترنیں اور کلگان سبزی منڈی کے قریب غیرت کے نام پر خاتون اور مرد قتل

پولیس نے مقتولہ کے شوہر سعید جان نامی ملزم کے خلاف دوہرے قتل کے الگ الگ مقدمات درج کر کے باقاعدہ تفتیش کا آغاز کرتے ہوئے شواہد اکٹھے کرنے شروع کر دیئے ہیں

پھلڑہ (نمائندہ شمال +نمائندگان شمال) ضلع مانسہرہ کے علاقوں ترنین اور کلگان سبزی منڈی کے قریب غیرت کے نام پر فائرنگ کر کے ایک خاتون اور ایک مرد کو قتل کر دیا گیا ہے۔ پولیس نے مقتولہ کے شوہر سعید جان نامی ملزم کے خلاف دوہرے قتل کے الگ الگ مقدمات درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، تھانہ شنکیاری میں درج ایف آئی آر میں مقتولہ کے بھائی سعید الرحمان نے بتایا کہ ان کی بہن مسماۃ (ن) جو ملزم سعید جان کی اہلیہ تھی، کو اس کے شوہر نے غیرت کے نام پر گولیاں مار کر قتل کیا۔ دوسری (بقیہ صفحہ 3 نمبر 12)

شاملے انٹرچینج کے قریب موٹر کار اور ٹرک میں تصادم 2 جاں بحق 3 شدید زخمی

پولیس کی جانب سے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی گئی جبکہ حادثے کی وجہ تیز رفتاری بتائی جا رہی ہے

مانسہرہ +ڈھوڈیال (شیخ نزیر + کرائم رپورٹر) بیدادی شاملے انٹرچینج کے قریب خوفناک ٹریفک حادثہ، دو افراد جاں بحق، متعدد زخمی، دو زخمی کمپلیکس ریفر، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ کے قریب بیدادی شاملے انٹرچینج پر پیش آنے والے ایک افسوسناک ٹریفک حادثے میں دو افراد جاں بحق جبکہ متعدد افراد زخمی ہو گئے۔ حادثہ ویگنار کار اور مزدہ گاڑی نمبر CAA-148 کے درمیان شدید تصادم کے نتیجے میں پیش آیا، ہسپتال پولیس چوک ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں ولی الرحمان ولد ایوب اور وقاص (بقیہ صفحہ 3 نمبر 13)

ایبٹ آباد بارش کینٹ بورڈ کی حدود میں نالے ابل پڑے، مکین پریشان

بارش سے سڑکوں پر پانی جمع ہونے سے ٹریفک کی روانی میں سخت خلل پیدا ہوا

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) کینٹ بورڈ کی حدود میں بارش کے بعد ندی نالے ابل پڑے۔ مین شاہراہ سمیت رابطہ سڑکوں پر پانی جمع ہونے سے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 14)

ایبٹ آباد میں قیدیوں کی اصلاح اور صحت پر توجہ دینی ہوگی

شہزاد خان کا ڈسٹرکٹ جیل ایبٹ آباد کا دورہ، قیدیوں کے بنیادی حقوق پر اظہار خیال

حویلیاں (نمائندہ شمال) سپرنٹنڈنٹ جیل ایبٹ آباد میں قیدیوں کی اصلاح اور صحت پر توجہ دینی ہوگی، جیل میں بند قیدیوں کے حقوق اخلاقی فرض ہے ان (بقیہ صفحہ 3 نمبر 15)

پشاور، سپیکر صوبائی اسمبلی بابر سلیم سواتی سے چیئرمین تحصیل حویلیاں عزیر شیر خان ملاقات کر رہے ہیں

قرضوں کی ادائیگی کے لیے عوام پر ٹیکسوں کا بوجھ لاد دیا گیا ہے

اس وقت پاکستان کی غربت کی شرح حالیہ ریکارڈ سطح پر پہنچ چکی ہے، غریب پریشان

غربت کی شرح حالیہ ریکارڈ سطح پر پہنچ چکی ہے، جہاں سفید پوش طبقہ بھی دو وقت کی روٹی سے قاصر ہے۔ عوام کا سڑک پر آنا ناممکن بنا دیا گیا ایک طرف معاشی بدحالی ہے اپوزیشن جماعتوں اور سول سوسائٹی کے لیے سڑکوں پر نکلنا تقریباً ناممکن بنا دیا گیا ہے۔ بڑے شہروں کو کنٹینرز کے ذریعے بند کرنا اور احتجاجی تحریکوں کو طاقت سے کچلنا اب ایک (بقیہ صفحہ 3 نمبر 16)

شنکیاری میں بجلی ظالمانہ بندش، احتجاج کے لئے سر جوڑ لئے گئے

شنکیاری (بیورو چیف) شنکیاری میں واپڈا کی جانب سے شنکیاری فیڈر پر بجلی کی ظالمانہ بندش کے خلاف احتجاج کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 18)

سکولوں کی پک اینڈ ڈراپ والی گاڑیوں کے ساؤنڈ سسٹم کیخلاف کاروائی کا مطالبہ

اکثر پرائیویٹ سوزوکی کیری گاڑیوں میں انتہائی بلند آواز میں گانے چلائے جاتے ہیں جس سے نہ صرف طلبہ و طالبات کو ذہنی اذیت کا سامنا کرنا پڑتا ہے

مانسہرہ (ڈسٹرکٹ نامہ نگار + تحصیل جنرل رپورٹر) مانسہرہ میں عوامی و سماجی حلقوں نے پبلک ٹرانسپورٹ خصوصاً سکول و کالج کے طلبہ و طالبات کو پک اینڈ ڈراپ کرنے والی پرائیویٹ گاڑیوں میں لگے ٹیپ ریکارڈرز اور تیز آواز میوزک کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کر دیا۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اکثر پرائیویٹ سوزوکی کیری گاڑیوں میں انتہائی بلند آواز میں گانے چلائے جاتے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 17)

ڈپکیتی کی غرض سے گھر میں داخل ہو کر شہری کو زخمی کرنے والا گینگ گرفتار

مدعی کی رپورٹ پر مقدمہ درج کیا گیا، وقوعہ میں استعمال ہونے والا اسلحہ آتشین بھی برآمد کر لیا۔ مقدمہ میں مذید تفتیش جاری ہے

ہری پور (چیف رپورٹر) تھانہ صدر پولیس کی کاروائی، نور پور، رات کے وقت گھر میں ڈکیتی کی غرض سے داخل ہونے اور شہری کو اسلحہ آتشین سے زخمی کرنے والا گینگ گرفتار، وقوعہ میں استعمال ہونے والا پستول برآمد۔ ڈی پی او ہری پور شفیع اللہ گنڈاپور کے احکامات کی روشنی میں ہری پور پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری۔ تھانہ صدر کی حدود نور پور میں رات کے اوقات (بقیہ صفحہ 3 نمبر 10)

ضلع ہری پور میں پولیس افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری

ہری پور (بیورو رپورٹ) ضلع ہری پور میں پولیس افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیے گئے ہیں، (بقیہ صفحہ 3 نمبر 11)

ڈاکٹر محمد آصف زیب کی پی ایچ ڈی اور بلڈ کینسر پر تحقیق

اس کامیابی کو علمی اور تحقیقی میدان میں ایک نمایاں سنگ میل قرار دیا جا رہا ہے

ہری پور (بیورو رپورٹ) شعبہ میڈیکل لیبارٹری ٹیکنالوجی، یونیورسٹی آف ہری پور نے نہایت فخر کے ساتھ اعلان کیا ہے کہ ڈاکٹر محمد آصف زیب نے اپنی پی ایچ ڈی کا تحقیقی مقالہ کامیابی کے ساتھ مکمل کر لیا ہے۔ اس کامیابی کو علمی اور تحقیقی میدان میں ایک (بقیہ صفحہ 3 نمبر 9)

مانسہرہ، بیدادی شاملے انٹرچینگ کے قریب ٹریفک حادثہ میں زخمی ہونیوالے افراد کو کنگ عبداللہ ہسپتال میں طبی امداد دی جا رہی ہے

ہری پور، کاشگرہ کالونی میں گھر سے طلائی زیورات اور نقدی چوری کرنے والے چوگروہ کوٹ نجیب اللہ پولیس کی حراست میں

پرامن اور خوبصورت ایبٹ آباد بڑھتے جرائم سے عباث تشویش کا شکار

عوام میں خوف و ہراس کی فضا قائم، یوں محسوس ہوتا ہے جیسے ایبٹ آباد بھی بڑے شہروں کی طرح جرائم کی لپیٹ میں آ گیا ہو

ایبٹ آباد (کرائم رپورٹر) بھی پرامن اور خوبصورت پہچان رکھنے والا ایبٹ آباد آج بڑھتے ہوئے جرائم کے باعث شدید تشویش کا شکار ہو چکا ہے۔ شہر میں معمولی تنازعات پر قتل جیسے سنگین واقعات نے عوام میں خوف و ہراس کی فضا قائم کر دی ہے، اور یوں محسوس ہوتا ہے جیسے ایبٹ آباد بھی بڑے شہروں کی طرح جرائم کی لپیٹ میں آ گیا ہو۔ حالیہ دنوں میں پیش آنے والے افسوسناک (بقیہ صفحہ 3 نمبر 22)

صوبائی پیرامیڈیکل درجہ چہارم کے الیکشن شیڈول جاری

ہری پور (نمائندہ خصوصی) صوبائی پیرامیڈیکل درجہ چہارم ایسوسی ایشن محکمہ صحت خیبر پختونخوا چار سالہ الیکشن شیڈول جاری۔ صوبائی پیرا میڈیکل درجہ چہارم ایسوسی ایشن کے صوبائی کابینہ کا آئینی مدت کا معیاد ختم ہونے کے باعث صوبائی چیئرمین پیرامیڈیکل درجہ چہارم ایسوسی ایشن محکمہ صحت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 23)

ایبٹ آباد میں چند منٹوں کی بارش نے متعلقہ اداروں کا پول کھول دیا

اہم شاہراہوں پر بارش کا پانی جمع ہونے سے گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں

ایبٹ آباد (ارشد سوانی) ایبٹ آباد میں چند منٹوں کی بارش نے کینٹ بورڈ۔ واسا اور متعلقہ اداروں کی کارکردگی کا پول کھول دیا۔ مختلف علاقوں میں سڑکیں تالاب کا منظر پیش کرنے لگیں۔ ٹریفک کا نظام بری طرح متاثر۔ بی ایم بائی پاس، کاکول روڈ، مین مانسہرہ روڈ، منڈیاں روڈ، سپلائی لنک روڈ اور دیگر اہم شاہراہوں پر بارش کا پانی جمع ہونے سے گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں اور شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ایوب ٹیچنگ ہسپتال میں بھی بارش کے باعث چھتیں ٹپکنے لگیں، جس سے مریضوں اور عملہ کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ خیبر پختونخوا سٹی انفراسٹرکچر پروگرام (بقیہ صفحہ 3 نمبر 24)

مانسہرہ، الخدمت فاؤنڈیشن کے ضلعی صدر علی احمد شاہ صحافی شیخ نذیر اور محمد نعیم کو فاؤنڈیشن کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے

حکومت عوام دوست فیصلے کرنے پر اپنی عوامی مقبولیت بڑھا سکتی ہے

ذمہ داران عوام دشمن پالیسیوں سے غریب کو محفوظ رکھنے کے اقدامات کریں، صلاح الدین

بجنہ (نامہ نگار) حکومت عوام دوست فیصلے کرنے پر اپنی عوامی مقبولیت بڑھا سکتی ہے۔ یہ بات سینیٹر رہنما مسلم لیگ ن ایڈووکیٹ صلاح الدین خان نے غریب عوام کو بجلی کے دو سو یونٹ کے کھیل پر قربانی کا مستقل بکرا بنا کر ان کی جیب پر ڈاکہ مارنے کے ساتھ اب سولر صارفین کو بھی لائینس کے کھیل میں الجھا دینے والی پریشانی پر دیکر حکومت کی عوامی مقبولیت کو سوال بنتے دیکھ کر شمال کو بتائی۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے زمہ داران منتخب نمائندوں اور بیوروکریٹ کی طرف سے بنائی جانے والی عوام دشمن پالیسیوں سے غریب کو محفوظ رکھنے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 25)

کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال میں مبینہ غفلت اور نارواسلوک

علاج کے دوران مریض اور لواحقین دربدر کی ٹھکریں کھانے لگے، شہریوں کا احتجاج

مانسہرہ (نمائندگان شمال) کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال میں مبینہ غفلت اور نارواسلوک پر شہری کا شدید احتجاج، علاج کے دوران مریض اور لواحقین دربدر کی ٹھکریں کھانے لگے، اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ، خادم عبدالوحید تفصیلات کے مطابق مانسہرہ کنگ عبداللہ ٹیچنگ ڈاکٹروں اور طبی عملے کے رویے کے خلاف ایک شہری نے شدید احتجاج کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے فوری کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ اس سلسلہ میں چیئرمین سٹی نمبر 1 مانسہرہ عبدالوحید نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ وہ گزشتہ روز (بقیہ صفحہ 3 نمبر 26)

صوبائی حکومت عوام کی بنیادی سہولیات کی فراہمی میں دلچسپی نہیں رکھتی، سہولیات فراہمی کا مطالبہ

شنکیاری (وقائع نگار) بجلی کے بلوں اور دیگر کئی اشیاء پر ٹیکسوں کی بھرمار کے باوجود عوامی مسائل بڑھ رہے ہیں صوبائی حکومت عوام کی بنیادی سہولیات کی فراہمی میں دلچسپی نہیں رکھتی اور کوئی ترقیاتی کام نظر نہیں آ رہے، سڑکوں کی حالت یہ ہے کہ کھنڈرات کا منظر پیش کر رہی ہے اسی طرح دیہی علاقوں میں پانی کی فراہمی نہیں ہو رہی، سڑکیں تنگ اور خستہ حال ہیں بجلی کی حالت یہ ہے کہ لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی عذاب بنا رکھی ہے جبکہ حکومت کے مقرر کردہ نرخوں پر عملدرآمد کی بجائے گراں فروشی عروج پر ہے عوام سے لیا گیا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 27)

بجلی بلوں اور دیگر اشیاء پر ٹیکسوں کی بھرمار کے باوجود عوام مسائل کا شکار

با اثر افراد نے 300 گھروں کا راستہ بند کر دیا اہلیان علاقہ کی پریس کانفرنس

ٹی ایم اے نے راستہ بند کرنے اور دیوار لگانے پر یہ راستہ دیوار گرا کر خود کھولا تھا۔ مگر بار بار یہ رستہ بند کر دیا جاتا ہے، ارشد خان، مقدر خان و دیگر

مانسہرہ (تحصیل رپورٹر) با اثر افراد نے اہلیان دھرمیاں کا راستہ بند کر دیا ہے۔ 300 گھروں کا راستہ روکنا ظلم و ناانصافی کے مترادف ہے۔ ٹی ایم اے نے راستہ بند کرنے اور دیوار لگانے پر یہ راستہ دیوار گرا کر خود کھولا تھا۔ مگر بار بار یہ رستہ بند کر دیا جاتا ہے ریٹائرڈ سب انسپکٹر ارشد خان ولد محمد خان، مقدر خان ولد عبداللہ خان، محمد رفیق تنولی، شمس السلام، انور زیب ساکنان علی ٹاؤن (بقیہ صفحہ 3 نمبر 21)

ریسکیو ٹیموں نے دن بھر متاثرہ مقام پر بھرپور کوششیں جاری رکھیں

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) کاغان ترپئی والے پل کے مقام پر جاری سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن اندھیرا ہونے کے باعث عارضی طور پر روک دیا گیا ہے۔ ریسکیو ٹیموں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 19)

غازی بروتھا نہر کے قریب 38 سالہ شخص کی لاش برآمد کر لی گئی

متوفی کی شناخت طاہر کے نام سے ہوئی ہے جو ہیملٹ (غازی) کا رہائشی تھا

ہری پور (گل جان خان سے) غازی بروتھا نہر کے قریب ریسکیو 1122 کی جانب سے سرچ آپریشن کے دوران 38 سالہ شخص کی لاش برآمد کر لی گئی ریسکیو ذرائع کے مطابق متوفی کی شناخت طاہر کے نام سے ہوئی ہے جو ہیملٹ (غازی) کا رہائشی تھا۔ طاہر صبح کے وقت سے لاپتہ بتایا جا رہا تھا۔ ریسکیو 1122 ہری پور، صوابی اور اٹک کی مشترکہ ٹیمیں گزشتہ تین روز سے 18 سالہ نوجوان مسعود کی تلاش میں مصروف تھیں کہ اسی دوران انہیں نہر سے ایک اور شخص کی لاش ملی۔ ریسکیو اہلکاروں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے لاش کو نہر سے نکال کر پولیس کے حوالے کر دیا، جس کے بعد ضروری قانونی کارروائی کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 20)

شنکیاری میں بجلی ظالمانہ بندش، احتجاج کے لئے سر جوڑ لئے گئے

شنکیاری (بیورو چیف) شنکیاری میں واپڈا کی جانب سے شنکیاری فیڈر پر بجلی کی ظالمانہ بندش کے خلاف احتجاج کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 18)

مانسہرہ، معاون خصوصی برائے اطلاعات شفیع جان سے مانسہرہ پریس کلب کے جنرل سیکرٹری فخر عالم خان کی ملاقات

محمد فصیع عباسی کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد

تقریب کا انعقاد صدر الیکٹرانک میڈیا ایسوسی ایشن سردار آصف کی جانب سے کیا گیا

ہری پور (اسٹیشن رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر محمد فصیع عباسی کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد صدر الیکٹرانک میڈیا ایسوسی ایشن سردار آصف کی جانب سے اسسٹنٹ کمشنر ہیڈکوارٹر محمد فصیح اسحاق عباسی کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں الیکٹرانک میڈیا سے وابستہ جنرل سیکرٹری پریس کلب ملک محمد اقبال جوائنٹ سیکرٹری پریس کلب ملک محمد ارشد صدر یونین اف جرنلسٹ وقار علی جنرل سیکرٹری یونین اف جرنلسٹ عمران سالار سینئر نائب صدر یونین اف جرنلسٹ بلاول اقبال نوید اختر ہم ٹی وی ہم پشتو عنایت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 28)

روزنامہ شمال

ڈپٹی ریذیڈنٹ ایڈیٹر/چیف ایڈیٹر عبدالوحید ربانی

روزنامہ شمال ایبٹ آباد، مظفرآباد، سوات اور کراچی سے بیک وقت شائع ہوتا ہے۔ ہزارہ (شمال) میں شمال کی فروخت تمام علاقائی اور قومی اخبارات کی مجموعی تعداد سے زیادہ ہے۔ سروے۔ گیلپ، اے بی سی، آئی سی ایل

روزنامہ شمال پنجاب اور سندھ میں وہاں کے کئی قومی اخبارات سے بھی زیادہ فروخت ہوتا ہے

ایبٹ آباد مرکزی دفاتر: پلاٹ نمبر A-6 سال انڈسٹریل اسٹیٹ ایبٹ آباد۔ فون نمبرز 0992-385577 موبائل نمبر: 0314-5003149 فیکس 0992-385575,385576,385578 Email: dailyshamal1991@gmail.com Web: www.shamal.com.pk

سوات: حاجی بابا چوک نیکورہ سوات۔ فون نمبر 0946-711788,711700 فیکس 0946-720452

مانسہرہ بیورو: جمیل صادق (بیورو چیف) موبائل 0333-5024273

کراچی: اسرا میڈیکل سنٹر پلازہ کوٹھے والا اسٹورز، فون نمبرز 021-2752266,2752421 فیکس 021-2752422 Email: shamalkarachi@yahoo.com

ہری پور بیورو: محمد جاوید عباسی 0995-612424، 0995-612424

راولپنڈی/اسلام آباد: حاجی وحید الزمان 0334-5009600، بگرام شیرخان (بیورو چیف) 0301-8149023، 0308-5761144,0993-487048

مظفرآباد: عقب جی پی او نزد دیوان صدر مظفرآباد، فون نمبر 05822-446938 فیکس 05822-446842 Email: shamalmzd2011@gmail.com

موبلیاں بیورو: 0992-810890

جمعرات 12 ذیقعدہ 1447ھ 30 اپریل 2026ء 2083ب

ادارے سے وفاداری کا صلہ پیاس۔۔

ہری پور میں عوام پانی کے بل بھر رہی، مگر واجبات کی آڑ میں ٹیوب ویل بند ہری پور کے عوام ایک بار پھر حکومتی نااہلی اور ادارہ جاتی بے حسی کا نشانہ بن گئے ہیں۔ ایک طرف شہری باقاعدگی سے پانی کے بل ادا کر رہے ہیں، دوسری جانب واپڈا کی جانب سے بقایاجات کا جواز بنا کر متعدد ٹیوب ویلوں کی بجلی منقطع کر دی گئی ہے، جس کے نتیجے میں شہریوں کو پینے کے پانی جیسی بنیادی ضرورت سے بھی محروم ہونا پڑ رہا ہے۔

یہ صورتحال نہ صرف افسوسناک ہے بلکہ ریاستی نظام پر ایک سنگین سوالیہ نشان بھی ہے۔ یہ کیسی انصاف کی منطق ہے کہ عوام اپنی ذمہ داری پوری کریں مگر ادارے اپنی ذمہ داری سے پہلوتہی اختیار کریں؟ اگر کسی محکمے یا ادارے کے ذمے واجبات ہیں تو اس کی سزا براہِ راست عوام کو کیوں دی جا رہی ہے؟ کیا ہری پور کے شہریوں کا قصور صرف اتنا ہے کہ وہ قانون کی پاسداری کرتے ہوئے بل ادا کر رہے ہیں؟

حقیقت یہ ہے کہ متعلقہ اداروں کے درمیان عدم ہم آہنگی، بدانتظامی اور مالی بے ضابطگیاں اس بحران کی جڑ ہیں۔ واپڈا اور بلدیاتی ادارے اپنی نااہلی کا بوجھ عوام پر ڈال کر نہ صرف بنیادی سہولیات چھین رہے ہیں بلکہ عوام کے صبر کا امتحان بھی لے رہے ہیں۔ پانی جیسی نعمت کا بند ہو جانا کسی بھی مہذب معاشرے میں ناقابلِ قبول ہے، مگر یہاں اسے معمول بنا دیا گیا ہے۔

یہ صورتحال صرف ایک انتظامی مسئلہ نہیں بلکہ ایک انسانی بحران بن چکی ہے۔ خواتین اور بچے میلوں دور سے پانی لانے پر مجبور ہیں، بیماریاں پھیلنے کا خدشہ بڑھ رہا ہے، اور عوام شدید ذہنی اذیت کا شکار ہیں۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ اربابِ اختیار کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ فوری طور پر ٹیوب ویلوں کی بجلی بحال کی جائے، اداروں کے درمیان واجبات کا مسئلہ افہام و تفہیم سے حل کیا جائے، اور آئندہ کے لیے ایسا لائحہ عمل ترتیب دیا جائے جس میں عوام کو اس قسم کی اذیت کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بصورت دیگر یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ ریاست اپنے بنیادی فرائض ادا کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے۔ اگر یہی حالات رہے تو عوام کا نظام پر اعتماد مزید متزلزل ہوگا، اور یہ بداعتمادی کسی بھی معاشرے کے لیے زہر قاتل ثابت ہو سکتی ہے۔ حکمرانوں کو سمجھنا ہوگا کہ وفاداری کا صلہ پیاس نہیں ہونا چاہیے۔

اقرار الحسن تنازع: رویہ یا رائے؟

اس وقت سوشل میڈیا اور عوامی حلقوں میں ایک ایف آئی اے اہلکار اور اقرار الحسن کے درمیان ہونے والی ایک تکرار خاصی زیرِ بحث ہے۔ بظاہر یہ واقعہ اتنا بڑا نہیں کہ اسے قومی سطح کے مسئلے کے طور پر دیکھا جائے، لیکن جب اس میں الفاظ، رویے اور عوامی شخصیات شامل ہو جائیں تو پھر یہ معاملہ محض ایک ذاتی گفتگو نہیں رہتا بلکہ ایک وسیع بحث کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ اسی وجہ سے یہ موضوع مختلف زاویوں سے زیرِ غور آ رہا ہے۔

کہا جا رہا ہے کہ متعلقہ ایف آئی اے اہلکار نے کسی گفتگو کے دوران اقرار الحسن کے بارے میں ایک رائے کا اظہار کیا، جسے بعد میں تنازع کی صورت میں پیش کیا گیا۔ یہ بات اگرچہ غیر رسمی گفتگو میں کہی گئی تھی، مگر جب یہ عوام تک پہنچی تو اس نے ایک نیا تنازع کھڑا کر دیا۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا ہر غیر رسمی رائے کو اتنا بڑا مسئلہ بنا دینا چاہیے یا پھر اسے ایک عام انسانی ردِعمل کے طور پر دیکھا جائے۔

دوسری طرف یہ بھی حقیقت ہے کہ جب کوئی شخص ریاستی ادارے کی وردی میں ہو تو اس کے الفاظ اور انداز کو زیادہ حساسیت کے ساتھ دیکھا جاتا ہے۔ عوامی توقع یہی ہوتی ہے کہ ایسے افراد گفتگو میں احتیاط برتیں اور اپنی رائے کو پیش کرنے میں ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ تاہم یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ وہ بھی آخر انسان ہیں اور ان کے ذاتی خیالات اور رائے ہو سکتی ہے۔

یہاں ایک اہم نکتہ یہ بھی ہے کہ کیا کسی سرکاری ملازم کو اپنی ذاتی محفل یا گفتگو میں کسی بھی شخصیت پر رائے دینے کا حق حاصل ہے یا نہیں۔ اگرچہ ادارہ جاتی نظم و ضبط اپنی جگہ اہم ہے، لیکن ذاتی رائے اور نجی گفتگو کو مکمل طور پر ختم نہیں کیا جا سکتا۔ فرق صرف یہ ہونا چاہیے کہ اس رائے کو کس انداز میں بیان کیا جاتا ہے۔

اب اگر بات اقرار الحسن کی جائے تو وہ ایک عوامی شخصیت ہیں اور میڈیا کے ذریعے ایک خاص پہچان رکھتے ہیں۔ اس حیثیت میں وہ تنقید سے مکمل طور پر ماورا نہیں ہو سکتے۔ عوامی شخصیات کے لیے یہ بات ناگزیر ہوتی ہے کہ ان کے بارے میں مثبت اور منفی دونوں طرح کی آرا سامنے آئیں۔ اصل امتحان ان آرا کو برداشت کرنے اور ان کا جواب دینے کے انداز میں ہوتا ہے۔

اس واقعے میں جو ویڈیو سامنے آئی، اس میں دونوں جانب سے جذباتی ردِعمل دیکھا گیا۔ بعض لوگوں کے نزدیک ایک طرف لہجہ نسبتاً نرم تھا جبکہ دوسری طرف زیادہ سخت اور جذباتی انداز سامنے آیا۔ یہی فرق اس بحث کو مزید طول دینے کا باعث بنا اور لوگوں نے اپنے اپنے نقطہ نظر سے اس کا تجزیہ شروع کر دیا۔

اصل مسئلہ شاید الفاظ سے زیادہ لہجے اور ردِعمل کا ہے۔ جب کسی گفتگو میں تلخی آ جائے تو اصل پیغام پس منظر میں چلا جاتا ہے اور صرف اندازِ گفتگو زیرِ بحث رہ جاتا ہے۔ یہی کچھ اس معاملے میں بھی ہوا، جہاں اصل بات سے زیادہ اس بات پر بحث شروع ہوگئی کہ کس نے کیسے جواب دیا۔

یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ عوامی شخصیات کو اپنے ردِعمل میں زیادہ احتیاط برتنی چاہیے، کیونکہ ان کا ہر عمل ریکارڈ ہو کر عوام تک پہنچتا ہے۔ بعض اوقات ایک لمحاتی غصہ یا جذباتی ردِعمل پوری شخصیت کے تاثر کو متاثر کر دیتا ہے، جو بعد میں سنبھالنا مشکل ہو جاتا ہے۔

دوسری جانب اداروں سے وابستہ افراد کے لیے بھی ضروری ہے کہ وہ اپنی گفتگو میں غیر ضروری سختی یا ذاتی تبصرے سے گریز کریں، تاکہ کسی قسم کی غلط فہمی یا تنازع پیدا نہ ہو۔ ادارہ جاتی وقار کا تقاضا یہی ہے کہ ذاتی رائے کو بھی متوازن انداز میں پیش کیا جائے۔

اگر ہم وسیع تناظر میں دیکھیں تو یہ صرف دو افراد کا معاملہ نہیں بلکہ ہمارے معاشرتی رویوں کی عکاسی بھی ہے۔ ہم اختلافِ رائے کو برداشت کرنے کے بجائے اکثر اسے ذاتی حملہ سمجھ لیتے ہیں، جس سے بحث کا معیار کمزور ہو جاتا ہے اور بات دلیل کے بجائے جذبات تک محدود رہ جاتی ہے۔

سوشل میڈیا نے اس طرح کے معاملات کو مزید بڑھا دیا ہے، کیونکہ اب ہر بات فوراً ریکارڈ ہو کر لاکھوں لوگوں تک پہنچ جاتی ہے۔ اس صورتحال میں معمولی گفتگو بھی بڑے تنازع کی شکل اختیار کر لیتی ہے اور اصل مقصد کہیں پیچھے رہ جاتا ہے۔

ایک اور پہلو یہ بھی ہے کہ ہم اکثر شخصیات کو یا تو مکمل طور پر درست یا مکمل طور پر غلط کے خانوں میں ڈال دیتے ہیں، حالانکہ حقیقت اتنی سادہ نہیں ہوتی۔ ہر انسان کے رویے میں اچھائی اور کمزوری دونوں موجود ہو سکتی ہیں۔ اس واقعے میں بھی اگر ہم غیر جانبداری سے دیکھیں تو دونوں طرف کچھ ایسے پہلو موجود ہیں جن پر تنقید بھی کی جا سکتی ہے اور بہتری کی گنجائش بھی نکالی جا سکتی ہے۔ اصل ضرورت یہ ہے کہ ہم جذبات سے نکل کر دلیل کے ساتھ بات کریں۔

یہ بھی سوچنے کی بات ہے کہ کیا ہم بطور معاشرہ تنقید اور اختلافِ رائے کو برداشت کرنے کا حوصلہ رکھتے ہیں یا نہیں۔ اگر ہر اختلاف کو دشمنی سمجھا جائے گا تو پھر مکالمے کی گنجائش کم ہوتی جائے گی۔

اسی طرح عوامی شخصیات کو بھی یہ سمجھنا ہوگا کہ ان کا ردِعمل صرف ذاتی نہیں رہتا بلکہ وہ ایک مثال بن جاتا ہے، جسے دوسرے لوگ بھی دیکھتے اور اپناتے ہیں۔ اس لیے ان کے لیے تحمل اور بردباری زیادہ اہم ہو جاتی ہے۔

اداروں سے وابستہ افراد کے لیے بھی یہی اصول لاگو ہوتا ہے کہ وہ اپنی گفتگو میں توازن رکھیں تاکہ ادارے کا وقار بھی برقرار رہے اور کسی غیر ضروری تنازع سے بھی بچا جا سکے۔

الفاظ کا انتخاب اور لہجے کی نرمی کس قدر اہم ہے۔ معمولی باتیں بھی اگر غلط انداز میں کہی جائیں تو بڑے تنازع کا سبب بن سکتی ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم بحیثیت معاشرہ برداشت، تحمل اور مکالمے کے کلچر کو فروغ دیں تاکہ اختلافات دشمنی میں تبدیل نہ ہوں بلکہ بہتر تفہیم کا ذریعہ بنیں۔

اگر ہم جذبات کے بجائے عقل اور دلیل کو ترجیح دیں تو ایسے واقعات ہمیں تقسیم کرنے کے بجائے بہتر سمجھ بوجھ کی طرف لے جا سکتے ہیں۔

یہی رویہ نہ صرف افراد کے درمیان فاصلے کم کرے گا بلکہ مجموعی طور پر معاشرتی ہم آہنگی کو بھی فروغ دے گا۔

اور شاید یہی اس پورے واقعے کا سب سے اہم سبق ہے کہ بات صرف کون صحیح تھا یا کون غلط، کی نہیں بلکہ یہ ہے کہ ہم بات کرنے اور اختلاف کرنے کا انداز کیسے بہتر بنا سکتے ہیں۔

نیوروسرجن ڈاکٹر فعد خان جدون

تحریر و ترتیب: وقاص باکسر

قارئین کرام آج میں اپنے آرٹیکل میں ایسی شخصیت کا ذکر کروں گا جو کسی بھی تعارف کی محتاج نہیں یوں تو ہمارے پیارے ملک پاکستان کی ماں دھرتی نیا ایسے ایسے سپوتوں کو پیدا کیا ہے جنہوں نے مختلف شعبہ جات میں اپنی کامیابی کچھ ہر دیکھا کر اپنا اور اپنے ملک و قوم کا نام روشن کیا اور عوام کی خدمت کو اپنا مشن بنا لیا ہیا ایسے ہی سپوتوں میں سے ماہر کوالفیاڈ نیوروسرجن ڈاکٹر فعد علی جدون شامل ہیں ڈاکٹر فعد علی خان جدون کو زمانہ طالبعلمی سے ڈاکٹر بننے کا خواب تھا پ نے اپنی ابتدائی تعلیم ایبٹ آباد پبلک سکول سے حاصل کی ایف ایس سی مکمل کرنے کے بعد پ نے ایوب میڈیکل کالج ایم بی بی ایس کرنے کیلیے پانچ سالہ کورس مکمل کیا اسکے بعد پ ٹریننگ کیلیے پمز چلے گئے جہاں پ نے پانچ سال لگا کر اپنی ٹریننگ مکمل کی اور وہ وقت قریب گیا جسکا ڈاکٹر فعد علی خان جدون کو انتظار تھا بالاخر وہ اپنی محنت لگن اور والدین کی دعاوں کی وجہ سے ڈاکٹر جیسے عظیم شعبہ سے منسلک ہو گئے پ سپیشلسٹ نیوروسرجن کیطور پرایبٹ آباد بنظیر ڈسٹرکٹ ہسپتال میں اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں بطور کالم نگار روزنامہ شمال ڈاکٹر صاحب سے ملاقات کرنے کا شرف حاصل ہوا ان سے مل کر بہت خوشی محسوس ہوی ایک ینگ اور نوجوان شخصیت اپنے شعبے سے منسلک ہو کر اپنی

ایمانداری کیساتھ ڈیوٹی کیفراض سرانجام دے رہے ہیں ڈاکٹر فعد علی جدون کا تعلق ایبٹ آباد شہر کے نواحی علاقے نواں شہر سے ہے ملاقات کیدوران ڈاکٹر صاحب سے انکے شعبہ جات کے بارے میں بھی سیر حاصل گفتگو ہوی انہوں نے اپنے شعبہ سے متعلق مجھے بخوبی گاہ کیا ڈاکٹر فعد علی خان جدون ایک عظیم شخصیت ہیں جو مریضوں کا تفصیلی سے چیک اپ کرتے ہیں اور انکا علاج بھی بہترین طریقے سے کرتے ہیں جس سے مریض بھی مطمئن اور خوش ہو کر ڈاکٹر فعد علی خان جدون کو دعائیں دیتے ہیں ڈاکٹر فعد علی خان میں اخلاق اور انسانیت کوٹ کوٹ کے بھری ہوی ہے ہر چھوٹے بڑے سے ادب کیساتھ پیش تے ہیں انکے شعبے سے متعلق میں نے کافی سوالات بھی کیے جنکیا نہوں نے مجھے تفصیلی جوابات دیے ایسے ہی نوجوان قابل ڈاکٹر مریضوں کے لیے مسیحا ہوتے ہیں ڈاکٹر فعد علی خان کی گفتگو میں اتنی مٹھاس ہوتی ہیکہ ان سیگفتگو کرنیوالا شخص حیران رہ جاتا ہے ملاقات کے دوران انہوں نے کہا کہ میں ج جس عہدے پر فاز ہوں سب اللہ پاک کا اور والدین کی دعاوں کا نتیجہ ہے میری کوشش ہوتی ہیکہ میں اپنے مریض کا اچھی طرح چیک اپ کر لوں تا کہ میرا مریض مجھ سے مطمئن ہو کر جائے میرا کام انسانیت کی خدمت کرنا ہے مجھے کسی چیز کی لالچ نہیں ہے بس یہ خوشی محسوس ہوتی ہیجب اپنے شعبے سیایمانداری کیساتھ اپنے فراض نبھار ہا ہوں انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر حضرات کی کوشش ہوتی ہیکہ انسانی جان کو بچانا ہوتا ہے میری طرف سے بہت کوشش ہوتی ہیکہ انسانی جانیں بچ سکیں۔

رتی گلی کی کہانی

تحریر: اویس خان امی

یوں ہوا کہ ایک دن اچانک بیٹھے بیٹھے ایک محفل میں کشمیر کا ذکر چھڑ گیا۔ گپ شپ چل رہی تھی اور باتوں ہی باتوں میں ایک پروگرام بن گیا کہ کیوں نہ نکل پڑا جائے۔ اسی گفتگو کے دوران رتی گلی کا ذکر آیا اور بس وہیں فیصلہ ہو گیا کہ اب کی بار منزل رتی گلی ہوگی۔ ہم دو دوست فوراً تیار ہو گئے۔ میرے ساتھ میرے قریبی دوست زیشان خان تھے، جو آج کل اے آر وائی ڈیجیٹل کے مختلف پروگرامز میں نظر آتے ہیں، جیسے مدعا اور دیگر شوز، اور فلم آزادی میں بھی کام کر چکے ہیں۔ اس وقت وہ اتنے معروف اداکار نہیں تھے، مگر آج انہیں خاصی پذیرائی حاصل ہو چکی ہے۔

ہم دونوں کے ساتھ مزید تین دوست اسلام آباد سے آ ملے اور یوں ہمارا قافلہ مکمل ہوا۔ ہم ایبٹ آباد سے روانہ ہوئے، اپنی سوزوکی خیبر جو میرے لیے ایک خوبصورت ریٹرو کار کی حیثیت رکھتی تھی میں بیٹھے اور کشمیر کی جانب سفر شروع کیا۔ راستے میں کیرن کراس کیا اور آگے بڑھتے ہوئے دواریاں پہنچے، جہاں ہم نے اپنی گاڑی پارک کی۔ جب ہم وہاں پہنچے تو رات کافی ہو چکی تھی، تقریباً آٹھ یا ساڑھے آٹھ بجے کا وقت تھا۔ وہاں سے ہم نے ایک جیپ حاصل کی جس میں مختلف گروپس کے ملا کر تقریباً بارہ لوگ سوار تھے۔ ہر فرد نے آٹھ سو سے ہزار روپے کرایہ ادا کیا اور ہم شام ساڑھے آٹھ بجے رتی گلی بیس کیمپ کی طرف روانا ہوئے تو یوں ہوا کہ ہم نے جیپ کا یہ سفر تقریباً دو سے ڈھائی گھنٹے کیا۔ یہ سفر انتہائی خطرناک اور پتھریلے راستوں سے ہوتا ہوا، مستقل چڑھائی کی طرف بڑھ رہا تھا، جہاں بائیں طرف ٹھاٹھے مارنے والا دریا بہہ رہا تھا، جو رتی گلی سے ایک ندی کی شکل میں نکلتا تھا، اور دوسری طرف بہت ہی تنگ اور تنگ سڑک تھی، جو مسلسل چڑھائی اور پتھریلی تھی، کہ اگر ایک چھوٹی سی غلطی ہو جاتی تو ہم سب اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے۔ اتنا خطرناک سفر ہم نے دو ڈھائی گھنٹے کا کیا۔ یہ سفر تقریباً ڈھائی گھنٹے

پر مشتمل تھا۔ جب ہم رتی گلی بیس کیمپ پہنچے تو وقت تقریباً ساڑھے نو بجے کا تھا۔ سردی اپنے عروج پر تھی اور درجہ حرارت منفی چھ یا سات ڈگری تک جا چکا تھا۔ ہمارے پاس جو ٹینٹ تھا وہ کافی پتلا تھا۔ ہم نے اسے لگایا اور اندر چلے گئے مگر سردی کم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی، لہٰذا مجبوراً ہمیں وہاں ایک ٹینٹ کرائے پر لینا پڑا۔ ہم اپنے ساتھ باربی کیو کا سامان بھی لائے تھے۔ بڑی مشکل سے آگ جلائی اور وہیں باربی کیو کیا۔ جیسا بھی پکا، ہمیں کھانا پڑا۔ رات کے وقت ہم ٹینٹ میں چلے گئے، مگر جیسے جیسے رات گزرتی گئی، سردی کی شدت بڑھتی گئی۔ سونا تقریباً ناممکن ہو گیا۔ ہمارے سلیپنگ بیگز بھی اتنے مؤثر نہیں تھے، اور جسم میں مسلسل کپکپی طاری رہی۔ بڑی مشکل سے ہم نے وہ رات گزاری۔ اگلے دن جب ہم نے رتی گلی کی جانب ٹریکنگ کی، تقریباً دو سے ڈھائی گھنٹے کے بعد جو منظر ہماری آنکھوں کے سامنے آیا، وہ ناقابلِ بیان تھا۔ ایک خوبصورت جھیل تھی اور اس کے پیچھے برف سے ڈھکا ہوا ایک پہاڑ، جو کسی دیوار کی مانند دکھائی دے رہا تھا۔ یہ منظر اپنی مثال آپ تھا۔ رتی گلی کو رتی گلی اس لیے کہا جاتا ہے کہ یہاں سرخ پھول بڑی تعداد میں پائے جاتے ہیں۔ ہماری زبان میں انہیں رتی کہا جاتا ہے، اور یہی سرخ پھول اس پوری وادی کو ایک دلکش سرخی میں رنگ دیتے ہیں۔ یہ وادی واقعی پھولوں سے بھری ہوئی ایک جنت کا منظر پیش کرتی ہے۔ یہ نو اور دس محرم کی تعطیلات کا وقت تھا، اس لیے کافی لوگ وہاں موجود تھے، مگر اس کے باوجود وہاں کا سکون، وہاں کی خاموشی اور دل کو ملنے والا اطمینان الفاظ میں بیان کرنا مشکل ہے۔ ہم نے وہاں تین سے چار گھنٹے گزارے اور پھر واپسی کے لیے ایک نیا راستہ اختیار کیا، جو مزید خوبصورت تھا اور ہمیں ایک چھوٹی جھیل کے کنارے سے واپس لے آیا۔ اس پورے سفر میں ہم نے بے شمار خوبصورت مناظر دیکھے، ایسے نظارے جو لفظوں میں بیان نہیں کیے جا سکتے۔ یہ واقعی ایک یادگار سفر تھا۔ ابتدا میں ہمارا ارادہ صرف رتی گلی دیکھنے کا تھا، مگر وہاں کے حسن اور سکون نے ہمیں مجبور کر دیا کہ ہم اپنا قیام مزید دو سے تین دن کے لیے بڑھا دیں۔ پھر ہم نے فیصلہ کیا کہ اس سفر کو مزید آگے بڑھاتے ہوئے کیرن کی جانب، کیل اور مزید علاقوں کی طرف بھی جائیں گے، جن کا ذکر ان شاءاللہ اگلی تحریر میں کیا جائے گا۔ رتی گلی کے مناظر اور اس کا ٹریک کسی بھی بین الاقوامی سیاحتی مقام سے کم نہیں، بلکہ کئی حوالوں سے ان سے بڑھ کر ہیں۔ یہ خطہ قدرت کے حسن کا ایک ایسا شاہکار ہے، جو ہر دیکھنے والے کے دل پر انمٹ نقوش چھوڑ جاتا ہے۔

تاریخ جھوٹ نہیں بولتی

تحریر: سید امتیاز علی شاہ۔

وہ شخص جو ہر جلسے میں سینہ تان کر کہتا تھا میں خدا کے سوا کسی کے سامنے نہیں جھکتا اس کی کرسی کی اصل کہانی کیا ہے؟ آیئے تاریخ کو گواہ بناتے ہیں۔

2011 سے پہلے پی ٹی آئی کے پاس قومی اسمبلی میں صرف ایک نشست تھی صرف ایک، اور وہ بھی عمران خان کی اپنی۔ پھر اچانک 2011 میں لاہور کا وہ جلسہ ہوا جو خودبخود نہیں ہوا تھا۔ سیاسی تجزیہ کاروں نے لکھا کہ عمران خان کو اسٹیبلشمنٹ نے روایتی سیاست کے متبادل کے طور پر تیار کیا، اور پی ٹی آئی کو ایک tool کے طور پر استعمال کیا گیا تا کہ الیکٹیبلز کو 2018 سے پہلے اپنی طرف کھینچا جا سکے۔ یہ تبدیلی نہیں تھی یہ ایک منصوبہ تھا۔

اس منصوبے کا اصل سوتر دار کون تھا؟ وہ تھا جنرل فیض حمید۔ پاکستان کے وزیر دفاع نے خود اسمبلی میں بیان دیا کہ فیض حمید عمران خان کو اقتدار میں لانے کا مرکزی کردار تھے۔ فیض حمید پر الزام تھا کہ انہوں نے سیاستدانوں کو مسلم لیگ ن اور دیگر جماعتیں چھوڑ کر پی ٹی آئی میں آنے پر مجبور کیا، 2017 کے فیض آباد دھرنے کو انجینئر کیا جس نے نواز شریف حکومت کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کیا، اور پورے میڈیا کو ایک سمت میں چلانے کے لیے دباؤ ڈالا۔ عمران خان اور فیض حمید کی یہ جوڑی پاکستانی تاریخ کی سب سے طاقتور سیاسی انجینئرنگ تھی۔

2018 کا الیکشن وہ رات جو پاکستانی تاریخ میں کالی رات کے نام سے یاد کی جاتی ہے۔ 8 سیاسی جماعتوں نے اجتماعی دھاندلی کا اعلان کیا۔ رات کو نتائج کا نظام بند کر دیا گیا، فارم 45 اور فارم 47 کے اعداد میل نہیں کھاتے تھے، حریف سیاستدانوں کو گرفتار کیا گیا، یورپی مبصرین نے سنگین بے ضابطگیوں کا ذکر اپنی رپورٹ میں کیا۔ اور اس سب کے باوجود عمران خان کہتے رہے مجھے عوام نے چنا۔ جبکہ پوری دنیا جانتی تھی یہ کرسی کہاں سے آئی تھی۔

اقتدار ملتے ہی احسان چکانے کا وقت آیا۔ عمران خان نے جنرل باجوہ کو مدت ختم ہونے سے 3 سال پہلے توسیع دی اور انہیں جمہوریت کا سب سے بڑا حامی جنرل قرار دیا۔ اور 2019 میں اپنے سب سے قریبی ساتھی فیض حمید کو آئی ایس آئی کا سربراہ بنا دیا وہی فیض جن پر عدالتِ عظمیٰ کے ایک جج نے الزام لگایا کہ وہ ججز اپنی مرضی سے بنواتے ہیں اور مخالف سیاستدانوں کی نظربندی کو طول دلواتے ہیں۔ یہ حکومت تھی یا شراکت داری؟ یہ نظام بدلنے والا 4 سال تک اسی نظام کی گود میں بیٹھا رہا۔ جو میڈیا باس پی ٹی آئی حکومت پر سوال اٹھاتا، اسے بند کرا دیا گیا۔ صحافیوں کو دھمکیاں دی گئیں۔ سوشل میڈیا پر اختلاف کرنے والوں کو اٹھایا گیا۔ ان پورے 4 سالوں میں عمران خان نے ایک بار بھی نہیں کہا کہ میڈیا آزاد ہونا چاہیے کیونکہ جو میڈیا ان کے حق میں تھا وہ پہلے سے آزاد تھا، اور جو خلاف تھا اسے آزاد رہنے کا حق نہیں دیا گیا۔

ان 4 سالوں میں قوم نے کیا پایا؟ ڈالر 115 سے 230 روپے تک پہنچا۔ مہنگائی کی شرح 25 فیصد سے تجاوز کر گئی۔ قرضوں میں 20,000 ارب روپے کا اضافہ ہوا پاکستان کی پوری تاریخ کے مجموعی قرضوں سے زیادہ۔ 2 کروڑ بچے اسکول سے باہر رہے۔ کرسی انہوں نے بھوگی، قیمت قوم نے ادا کی۔ پھر 2022 میں جب اسٹیبلشمنٹ نے حمایت واپس لی اچانک سب ظالم ہو گئے۔ جو باجوہ کل تک عظیم جنرل تھے وہ غدار بن گئے۔ اور جب فیض حمید گرفتار ہوئے تو عمران خان نے فوری طور پر کہا ان سے میرا کوئی سیاسی تعلق نہیں تھا۔ وہی فیض جن کے بغیر عمران خان کا اقتدار کا خواب شاید کبھی پورا ہی نہ ہوتا۔ یہ بے وفائی تھی یا مجبوری؟

انجام کیا ہوا فیض حمید کا؟ پاکستانی تاریخ میں پہلے سابق آئی ایس آئی چیف جنہیں فوجی عدالت نے 14 سال قید کی سزا سنائی۔ الزامات میں سیاسی مداخلت، اختیارات کا ناجائز استعمال اور ریاستی وسائل کی لوٹ مار شامل تھی۔ وہ جنرل جس نے عمران خان کو کرسی دلائی آج جیل میں ہے۔ اور عمران خان؟ وہ اب بھی اسی کرسی کے خواب دیکھ رہے ہیں۔

تو آخر میں ایک سوال پاکستان کی وہ نوجوان نسل جو نظام بدلنے کے نعرے پر قربان ہوئی، جس نے اپنا وقت، اپنی توانائی اور اپنے خواب اس تبدیلی کے لیے لگائے کیا انہیں سچ جاننے کا حق نہیں؟ نظام وہ بدلتا ہے جو نظام سے باہر ہو۔ جو اندر بیٹھ کر فائدہ اٹھائے، باہر آ کر لعنت بھیجے وہ نظام نہیں بدلتا، وہ اگلی باری کا انتظار کرتا ہے۔ تاریخ جھوٹ نہیں بولتی صرف ہم آنکھیں بند کر لیتے ہیں۔

محنت کا وقار اور وقت کے تقاضے

تحریر: نعیم اشرف

یومِ مزدور محض ایک تقویمی دن نہیں، بلکہ انسانی تاریخ کی ایک طویل جدوجہد کی یادگار ہے۔ انیسویں صدی کے اواخر میں جب صنعتوں کا پہیہ تیزی سے گھومنے لگا تو مزدور کی محنت اس مشین کا ایندھن بن گئی، مگر اس کے حصے میں نہ مناسب اجرت آئی اور نہ اوقاتِ کار کا تعین۔

1886 میں امریکہ کے شہر شکاگو کے مزدوروں نے آٹھ گھنٹے کے اوقاتِ کار کے مطالبے پر آواز بلند کی تو یہ صرف ایک مطالبہ نہیں تھا بلکہ انسانی وقار کی بحالی کی تحریک تھی۔ اسی جدوجہد نے بعد ازاں یومِ مزدور کو عالمی سطح پر ایک ایسی علامت بنا دیا جو اس یقین کی ترجمان ہے کہ محنت کش کے حقوق کسی رعایت کے محتاج نہیں بلکہ ایک بنیادی انسانی حق ہیں۔

اگر تاریخ کے اس پس منظر کو سامنے رکھ کر آج کے دور کا جائزہ لیا جائے تو محسوس ہوتا ہے کہ چیلنجز کی نوعیت بدل گئی ہے، مگر مزدور کے مسائل اپنی اصل میں اب بھی موجود ہیں۔ ماضی میں فیکٹری کی چمنیوں سے نکلتا دھواں استحصال کی نشانی تھا، آج ڈیجیٹل اسکرینوں کے پیچھے کام کرنے والا مزدور بھی اسی نوعیت کے دباؤ کا شکار ہے۔ معیشت کی عالمگیریت نے مواقع ضرور پیدا کیے، لیکن اس کے ساتھ غیر یقینی روزگار، کنٹریکٹ سسٹم اور عارضی ملازمتوں کا رجحان بھی بڑھا دیا ہے۔ ایک زمانہ تھا جب مزدور کی پہچان اس کے ہاتھوں کی محنت سے ہوتی تھی، اب اس کی پہچان ڈیٹا اور ڈیجیٹل ہنر سے وابستہ ہوتی جا رہی ہے، اور جو اس تبدیلی کے ساتھ قدم نہیں ملا پاتا، وہ معاشی دوڑ میں پیچھے رہ جاتا ہے، ہمارے ملک جیسے ترقی پذیر معاشروں میں مزدور کو درپیش مسائل کی

شدت کچھ زیادہ محسوس ہوتی ہے۔ کم از کم اجرت کے اعلانات تو ہر سال کیے جاتے ہیں، مگر عملی طور پر ایک بڑی تعداد اب بھی اس سہولت سے پوری طرح مستفید نہیں ہو پاتی۔ پاکستان میں محنت کشوں کی ایک بڑی تعداد غیر رسمی شعبے سے وابستہ ہے، جہاں ملازمت کا تحریری تحفظ اور سماجی سہولیات نہ ہونے کے برابر ہیں۔ مہنگائی کا بڑھتا ہوا بوجھ مزدور کی زندگی کو مزید دشوار بنا دیتا ہے۔ اجرتیں اگرچہ کاغذی طور پر بڑھتی دکھائی دیتی ہیں، مگر قوتِ خرید میں کمی اس اضافے کے اثر کو زائل کر دیتی ہے۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ مزدور کی تنخواہ بڑھنے سے پہلے ہی مہنگائی اسکے ثمرات کو نگل لیتی ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا ہم واقعی محنت کش کو ترقی کے سفر میں شریک کر رہے ہیں، یا صرف اعداد و شمار کی چمک سے خود کو مطمئن کر لیتے ہیں؟ .. آج کے دور کا ایک بڑا چیلنج ہنر کی تبدیلی اور تعلیم کی کمی بھی ہے۔ دنیا تیزی سے ٹیکنالوجی کی طرف بڑھ رہی ہے، مگر ہمارے مزدور کی ایک بڑی تعداد اب بھی روایتی ہنروں تک محدود ہے۔

مثال کے طور پر تعمیرات، زراعت اور چھوٹی صنعتوں سے وابستہ لاکھوں محنت کش جدید مشینری کے استعمال سے پوری طرح واقف نہیں، جس کے باعث ان کی پیداواری صلاحیت اور آمدنی دونوں محدود رہ جاتی ہیں۔ اگر انہیں جدید تربیت اور فنی تعلیم فراہم نہ کی گئی تو آنے والے برسوں میں بے روزگاری کی شرح میں اضافہ ناگزیر ہو سکتا ہے۔ یہ محض اقتصادی مسئلہ نہیں بلکہ سماجی استحکام کا سوال بھی ہے۔

یومِ مزدور ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ ترقی کی عمارت محنت کش کے کندھوں پر کھڑی ہوتی ہے۔ اگر یہ کندھے کمزور پڑ جائیں تو ترقی کی پوری عمارت عدم استحکام کا شکار ہو سکتی ہے۔ تاریخ کا سبق یہی ہے کہ مزدور کے حقوق کو نظر انداز کر کے کوئی معاشرہ دیرپا ترقی حاصل نہیں کر سکتا۔

آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم یومِ مزدور کو رسمی تقاریب تک محدود نہ رکھیں بلکہ اسے ایک موقع سمجھیں اپنی پالیسیوں، اپنے رویوں اور اپنے معاشی نظام کا ازسرِنو جائزہ لینے کا۔ کیونکہ ایک مضبوط اور باوقار مزدور ہی کسی قوم کی حقیقی طاقت ہوتا ہے، اور یہی طاقت مستقبل کی ضمانت بھی بنتی ہے۔

سابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ راجہ سکندر زمان کی اہلیہ انتقال کر گئی

مرحومہ سابق صوبائی وزیر راجہ فیصل زمان سابق ایم این اے، ڈاکٹر راجہ عامر زمان کی والدہ تھیں

ہری پور (نمائندہ خصوصی) (سابق صوبائی وزیر راجہ فیصل زمان سابق ایم این اے، ڈاکٹر راجہ عامر زمان کی والدہ اور سابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ مرحوم راجہ سکندر زمان کی اہلیہ انتقال کر گئیں۔ سیاسی و سماجی اور صحافتی حلقوں کی جانب سے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ نماز جنازہ گزشتہ روز خان پور میں ادا کی گئی۔ مرحومہ خاتون (بقیہ صفحہ 3 نمبر 51)

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ہری پور محمد اشرف کی زیر سرپرستی سکول داخلہ مہم

پرنسپل ظفر ارباب عباسی کی زیر نگرانی، وائس پرنسپل فواد حسین کے زیر انتظام واک کا اہتمام

ہری پور (بیورو رپورٹ) محکمہ تعلیم کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ہری پور محمد اشرف کی زیر سرپرستی، پرنسپل ظفر ارباب عباسی صاحب کی زیر نگرانی اور وائس پرنسپل فواد حسین کے زیر انتظام سکول داخلہ مہم کے سلسلے میں گورنمنٹ سینٹینیل ماڈل ہائیر سیکنڈری سکول نمبر 1 ہری پور سے پریس کلب ہری پور تک واک کا اہتمام کیا گیا جس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ہریپور محمد اشرف، پرنسپل ظفر ارباب عباسی، وائس پرنسپل فواد حسین، سابق (بقیہ صفحہ 3 نمبر 52)

ٹرانسفر پوسٹنگ ملازمت کا حصہ ہوتے ہیں، عبدالماجد قمر

اہلیان ہری پور کی محبتوں کو ہمیشہ یاد رکھوں گا، الوداعی تقریب سے خطاب

ہری پور (بیورو رپورٹ) ٹرانسفر پوسٹنگ ملازمت کا حصہ ہوتے ہیں بحیثیت اسسٹنٹ کمشنر ہری پور اپنے فرائض منصبی احسن طریقے سے سرانجام دیئے اور اپنی ذمہ داریوں کو ایمانداری کے ساتھ سرانجام دیکر شہریوں کو ضلعی انتظامیہ سے متعلق (بقیہ صفحہ 3 نمبر 53)

امان اللہ خان آمان کی زیر صدارت سینئر سٹیزن فورم شنکیاری کا اجلاس

سرپرست اعلیٰ حضرت مولانا قاضی وصی الرحمٰن نے تلاوت قرآن کریم سے اجلاس کا آغاز کیا

شنکیاری (جنرل رپورٹر) سینئر سٹیزن فورم شنکیاری کا اجلاس منگل کے روز چیئرمین میجر (ر) آمان اللہ خان آمان کی صدارت میں کمیونٹی سنٹر شنکیاری میں منعقد ہوا، فورم کے سرپرست اعلیٰ حضرت مولانا قاضی وصی الرحمٰن نے تلاوت قرآن کریم سے اجلاس کا آغاز کیا، آراکین فورم فدا محمد خان، چوہدری نوید حسین، افتخار احمد (بقیہ صفحہ 3 نمبر 54)

ایس پی ٹریفک بالاکوٹ سرکل سردار جاوید کے اعزاز میں تقریب

الوداعی تقریب کی صدارت ڈی پی او مانسہرہ نے کی، سردار جاوید کی خدمات کو سراہا گیا

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار) ڈی ایس پی ٹریفک بالاکوٹ سرکل سردار جاوید 39 سالہ طویل و شاندار سروس کے بعد باعزت ریٹائر، ضلعی پولیس سربراہ مانسہرہ محمد اظہر خان کی زیر صدارت ایک پروقار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ڈی ایس پی ٹریفک بالاکوٹ سرکل سردار جاوید کی 39 سالہ طویل اور قابل فخر خدمات کے اعتراف میں انہیں خراج تحسین پیش کیا گیا۔ تقریب میں ایس پی سٹی شاہنواز خان، ایس (بقیہ صفحہ 3 نمبر 55)

ضلع ایبٹ آباد میں امن امان حوالے ضابطہ فوجداری کے اہم احکامات جاری

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد کیپٹن (ر) سردار سلیم اکرم نے عوامی مفاد اور ضلع میں امن و امان کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے ضابطہ فوجداری کی دفعہ 144 کے تحت اہم احکامات جاری کر دیے ہیں۔ یہ فیصلہ چیف پلاننگ کنٹرول آفیسر، لوکل پلاننگ اینڈ انفورسمنٹ یونٹ ٹی ایم اے لورا اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر (پلاننگ اینڈ کنسٹرکشن)، سمال ڈیمز ڈویژن ایبٹ آباد کی جانب سے موصول ہونے والی رپورٹس کی روشنی میں کیا گیا، جن میں متنازعہ علاقوں میں غیر قانونی تعمیرات اور ڈیمز میں خطرناک تفریحی سرگرمیوں پر پابندی عائد کرنے کی سفارش کی گئی تھی۔ جاری کردہ احکامات کے مطابق ٹی ایم اے لورا کی حدود میں واقع متنازعہ علاقوں میں ہر قسم (بقیہ صفحہ 3 نمبر 56)

مانسہرہ تجاوزات کے خلاف آپریشن تیسرے روز میں داخل

ایبٹ آباد روڈ، کنگ عبداللہ ہسپتال کے اطراف، اپرچنئی اور چھریا والا بازار میں کارروائیاں

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار) مانسہرہ تجاوزات کے خلاف آپریشن تیسرے روز میں داخل، متعدد اشیا ضبط، فٹ پاتھ نالے واگزار کر لیے گے تفصیلات کے مطابق ٹی ایم اے مانسہرہ کی جانب سے غیر قانونی تجاوزات کے خلاف تیسرے روز بھی آپریشن جاری رہا۔ اس دوران ایبٹ آباد روڈ، کنگ عبداللہ ہسپتال کے اطراف، اپرچنئی اور چھریا والا بازار میں کارروائیاں کی گئیں۔ آپریشن ٹی ایم او ملک فہراست اعوان کی ہدایت پر کیا گیا، جبکہ نگرانی انکروچمنٹ آفیسر محمد اقبال نے کی۔ کارروائی کے دوران متعدد غیر قانونی اشیا ضبط کر لی گئیں۔ حکام کے مطابق اس مہم کا مقصد شہری علاقوں میں صفائی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 57)

پاکستان نے اپنے قدیم اور منفرد ثقافتی ورثے میں اہم سنگ میل عبور کر لیا

حکام کے مطابق یہ پیش رفت حکومتِ پاکستان کی مسلسل کاوشوں کا مظہر ہے

ہری پور (نمائندہ خصوصی) پاکستان نے اپنے قدیم اور منفرد ثقافتی ورثے کے تحفظ اور عالمی سطح پر اجاگر کرنے کی جانب ایک اہم سنگِ میل عبور کر لیا ہے، جہاں خیبر پختونخوا کی تاریخی وادیِ کیلاش کو عالمی ادارے یونیسکو کی عالمی ثقافتی ورثہ فہرست میں شامل کر لیا گیا۔ حکام کے مطابق یہ پیش رفت حکومتِ پاکستان کی ان مسلسل کاوشوں کا مظہر ہے جو ملکی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 58)

ایبٹ آباد میں کلائیمیٹ سمارٹ ایگریکلچر سے متعلق خصوصی آگاہی پروگرام

پروگرام میں کلائیمیٹ سمارٹ ایگریکلچر اور ورٹیکل فارمنگ جیسے جدید طریقوں سے آگاہی دی گئی

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) صوبائی حکومت کے گڈ گورننس روڈ میپ اور ڈسٹرکٹ سروس ڈیلیوری اقدامات کے تحت ایگریکلچر ایکسٹینشن آفس ایبٹ آباد میں کلائیمیٹ سمارٹ ایگریکلچر سے متعلق خصوصی آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا گیا، جس میں ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سردار سلیم اکرم نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ پروگرام کا مقصد زراعت کے شعبے کی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 61)

سی این جی سیکٹر کو فراہم کی جانے والی گیس پاور سیکٹر کو منتقل

یہ اقدام بجلی بحران پر قابو پانے کے لیے حکومت کی جانب سے اٹھایا گیا ہے، کوٹہ بڑھا دیا گیا

ہری پور (بیورو رپورٹ) بجلی بحران پر قابو پانے کے لیے حکومت کی جانب سے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے سی این جی سیکٹر کو فراہم کی جانے والی گیس پاور سیکٹر کو منتقل کر دی گئی ہے، جس کے باعث ٹرانسپورٹرز اور عوام کو مشکلات کا سامنا ہے۔ ذرائع کے مطابق اس مقصد کے لیے سی این جی سیکٹر کو فراہم کی جانے والی 48 ایم ایم سی ایف ڈی گیس کی فراہمی معطل کر دی گئی ہے، جبکہ پاور سیکٹر کے لیے گیس کا کوٹہ 108 ایم ایم سی ایف ڈی سے بڑھا کر 150 ایم ایم سی ایف ڈی کر دیا گیا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ اس اقدام کا مقصد بجلی کی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 59)

سیول رائٹ فاؤنڈیشن بے سہارا افراد کے حقوق کے لئے کوشاں ہے

بفہ (خبر نگار) سیول رائٹ فاؤنڈیشن آف پاکستان ہر جگہ مظلوم اور بے سہارا افراد کے حقوق کے تحفظ کے لئے بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔ بانی سنٹرل چیئرمین سیول رائٹ فاؤنڈیشن آف پاکستان کمشنر (ر) منتظر خان نے تمام سینئر ممبران اور ضلعی عہدیداران کو ہدایات جاری کی ہیں کہ جہاں کہیں بھی کسی مظلوم کے ساتھ زیادتی یا ناانصافی دیکھیں وہاں فوری طور پر پہنچ کر ان کے ساتھ کھڑے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 60)

تلاش گمشدہ

یہ اعلان بذریعہ ہذا کیا جاتا ہے کہ محمد قاسم ولد رحمت دین سکنہ محلہ پکھیریل، گاؤں شنکیاری کی MBBS (Bachelor of Medicine & Bachelor of Surgery) ڈگری، جو کہ Khyber Medical University, Peshawar سے جاری شدہ تھی، گم ہو گئی ہے۔ اگر کسی کو مذکورہ ڈگری ملے تو براہ کرم درج ذیل نمبر پر رابطہ کریں

+92 312 9050011

اطلاع عام

ملک جان بیوہ محمد ہمایون فوت شدہ ہیں انکے شرعی وارثان میں محمد یونس، محمد صادق، محمد عارف پسران و مسماۃ تان نسرین اختر، سمینہ اختر، کلثوم اختر دختران ملک جان ہیں انکے علاوہ اور کوئی شرعی وارث نہ تھے اگر کسی کو کوئی اعتراض یا عذر ہو تو وہ متعلقہ حلقہ پٹوار ملکال ڈھوڈیال سے رابطہ کر سکتا ہے

منجانب: محمد یونس ولد محمد ہمایون سکنہ ملکال ڈھوڈیال مانسہرہ

اطلاع عام

میرے والد محمد ایوب ولد محمد یوسف وفات پا چکے ہیں جنکے شرعی وارثان میں مسماۃ بی بی خاتون بیوہ، مسمیان عبدالوہاب، انعام الحق، نیاز محمد اور محمد عمران پسران و مسماتان بیگم بی بی، معراج بی بی، بی بی پری گل بی بی دختران شامل ہیں دیگران کے کوئی وارث نہیں اگر کسی کو کوئی عذر، اعتراض ہو تو اندر سات یوم متعلقہ تحصیلدار، حلقہ پٹوار سے رابطہ کرے

منجانب: عبدالوہاب ولد محمد ایوب سکنہ کوٹلی ترلی ڈاکخانہ حاجی آباد اچھڑیاں، تحصیل و ضلع مانسہرہ

اعلان لاتعلقی

میرا حقیقی بھائی عقیل احمد ولد سلطان محمد ساکنہ جسگراں بالا کے ساتھ لاتعلقی کا اعلان کرتا ہوں میں یا دیگر خاندان کا اس کے ساتھ کوئی تعلق واسطہ نہیں کوئی بھی شخص اس کے ساتھ کسی بھی قسم کا لین دین کرنے والے خود اپنے نفع و نقصان کے ذمہ دار ہوں گے اور ہمارے خاندان کا کوئی بھی ذمہ دار نہیں ہوگا

منجانب: صغیر احمد ولد سلطان محمد ساکنہ جسگراں بالا تحصیل و ضلع مانسہرہ

عاق نامہ

میں باہوش و حواس اعلان کرتا ہوں کہ میرا حقیقی بیٹا عمر ولد چن زیب غیر اخلاقی سرگرمیوں اور نافرمانی کا مرتکب ہو چکا ہے اور مجھے ذہنی اذیت سے دوچار کر رہا ہے، جس کی بناء پر میں اپنے بیٹے مذکورہ کو اپنی منقولہ و غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں آئندہ کے بعد میرا یا میرے خاندان کا مسمی مذکورہ سے کوئی تعلق واسطہ نہ ہے معاملات کرنے والا خود ذمہ دار ہوگا

منجانب: چن زیب ولد مانا خان سکنہ پانو ڈھیری کالج دوراہا مانسہرہ 13503-0620985-7

عاق نامہ

میں اپنی حقیقی بیٹیوں اسمی، مسماۃ شہناز بی بی زوجہ گل محمد، مسماۃ زر بہا بی بی زوجہ فولاد خان کو بوجہ نافرمانی اپنی منقولہ و غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں آج کے بعد مذکور یہ مسماتان کے کسی معاملات سے کوئی تعلق واسطہ نہیں اور ان کے معاملات کا جوابدہ نہیں

منجانب: سکندر ولد عظیم سکنہ جمنوری خاکی تحصیل و ضلع مانسہرہ

اطلاع عام

میرے والد محبوب ولد جمعہ فوت ہو چکے ہیں جن کے شرعی وارثان میں محمد اشفاق، محمد عابد، محمد شاکر، محمد صابر پسران و مسماۃ صائمہ بی بی دختر شامل ہے اس کے علاوہ وہ کوئی وارث نہیں اگر کسی کو اعتراض ہو تو اندر سات یوم تحصیلدار مانسہرہ سے رابطہ کرے بعد میں اعتراض قبول نہ ہوگا

منجانب: محمد عابد ولد محمد محبوب سکنہ ڈھانگری پائیں مانسہرہ

بعدالت حسن بانو صاحبہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج ہریپور

عنوان۔ آسیہ بی بی بنام راجہ قیصر پرویز

پیشی: 6.5.26

نوٹس بنام۔ راجہ قیصر پرویز ولد فقری زمان، فضری زمان، عادل محمود، بابر محمود پسران حکم داد، راجہ مبشر ولد راجہ نثار ساکنہ سربدنہ تحصیل خانپور ضلع ہریپور

مقدمہ عنوان بالا میں ریسپانڈنٹس بالا کی تعمیل عام طریقہ سے ہونی مشکل قرار پائی ہے لہٰذا اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 6.5.26 کو حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی

دستخط حاکم رمہر عدالت

بعدالت عائشہ حیات صاحبہ جج فیملی کورٹ III ہریپور

عنوان۔ ندیم افضل بنام ریحانہ بی بی

پیشی 13.5.26

ندیم افضل ولد محمد افضل ساکنہ کنڈل سرائے نعمت خان ضلع ہریپور

درخواست گارڈین۔ احد نواب خان نابالغ ولد ندیم افضل

نوٹس بنام۔۔۔عوام الناس

مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی اطلاع یابی عام طریقہ سے ہونی مشکل قرار پائی ہے لہٰذا اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو عذر اعتراض ہو تو مورخہ 13.5.26 کو حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی

دستخط حاکم رمہر عدالت

بعدالت جناب خضر علی خان صاحب سول جج ہریپور

عنوان۔ مسماۃ شمع پرویز بنام طارق، پیشی 4.5.26

نوٹس بنام۔ طارق، مسماۃ یاسمین مرحومہ دختر طالب حسین خانزادہ، رضوان، مسماۃ نگینہ بی بی دختر رمضان ساکنائے اڈہ در بند مکان نمبر 209 ضلع ہریپور، تجمل حسین، عاظم علی، غلام اکبر مرحوم بزریعہ وارثان مدعا علیہم نمبر پانچ، چھ، مسماۃ حمیدہ بی بی ساکنان محلہ بابو اڈہ در بند ضلع ہری پور

مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی اطلاع یابی عام طریقہ سے ہونی مشکل قرار پائی ہے لہٰذا اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو عذر اعتراض ہو تو مورخہ 4.5.26 کو حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی

دستخط حاکم رمہر عدالت

بقیہ 1 ریسکیو

تفصیلات کے مطابق کنڈ ہیارہ کے رہائشی سجاد احمد کے دو بچے 6سالہ فاطمہ اور 8سالہ سمیر پل عبور کر رہے تھے کہ اچانک پاؤں پھسلنے کے باعث دریائے کنہار میں جا گرے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کا عملہ فوری حرکت میں آیا ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ابرارعلی کی ہدایات پر کنٹرول روم نے بالاکوٹ اور مانسہرہ سے واٹر ریسکیو ٹیمیں روانہ کیں جنہوں نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن کا آغاز کر دیا۔ ریسکیو اہلکاروں کے ساتھ مقامی افراد اور پولیس بھی بچوں کی تلاش میں حصہ لے رہے ہیں۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق آپریشن تیزی سے جاری ہے اور بچوں کو تلاش کرنے کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ ریسکیو حکام نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ دریا کے قریب غیر ضروری جانے سے گریز کریں اور خاص طور پر بچوں پر کڑی نظر رکھیں تاکہ ایسے افسوسناک واقعات سے بچا جا سکے۔ دوسری جانب مقامی عوام نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ٹرپی کے علاقے میں ریسکیو 1122 کا مستقل دفتر قائم کیا جائے تاکہ ہنگامی حالات میں بروقت امداد فراہم کی جاسکے۔

بقیہ 2 جاں بحق

دو افراد جاں بحق جبکہ زخمیوں کی بھی اطلاعات موصول ہوئیں خوفناک تصادم کی آوازیں دور دور تک سنی گئیں مقامی لوگوں اور پولیس نے امدادی کارروائیوں میں بھرپور شرکت کی

بقیہ 3 بیٹریاں

داخل ہوکر بیٹریاں نکال دیں اور اسی طرح چھتر پلین سلہٹی کی مسجد کی دیوار پھلانگ کر بیٹری چوری کر لی۔ ایک ہی رات میں تین مسجدوں کی بیٹریاں چوری ہونے سے عوام میں خوف پیدا ہوگیا ہے کہ جو لوگ اللہ کے گھروں کو معاف نہیں کر رہے تو اور کون سی جگہ ان سے محفوظ رہے گی۔ ان وارداتوں کے بعد عوام نے تھانہ بٹل پولیس سے علاقہ میں گشت بڑھانے اور ان بدبخت چوروں کو فوری طور پر گرفتار کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 4 اراضی

ریونیو افسران شاملات اراضی کے انتقالات کی تصدیق کر رہے تھے، جس کے نتیجے میں نہ صرف دیوانی بلکہ فوجداری مقدمات میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ حکومت نے واضح ہدایت جاری کی ہے کہ کسی بھی صورت میں شاملات اراضی سے متعلق کوئی میوٹیشن (انتقال) درج یا تصدیق نہیں کی جائے گی۔ کسی فرد کو شاملات زمین منتقل کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ جہاں شاملات اراضی کی باقاعدہ تقسیم (جدول/ریکارڈ) موجود نہ ہو، وہاں ہر قسم کی منتقلی مکمل طور پر ممنوع ہوگی۔ عوامی مشترکہ اراضی کو کسی فرد کے نام منتقل کرنے پر متعلقہ ریونیو افسر یا اہلکار کے خلاف سخت قانونی ومحکمانہ کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 5 ماربل

معاہدہ طے پایا ہے، جس کے تحت ماربل انڈسٹری سے نکلنے والا ویسٹ ڈھموڑ کے مقام پر منتقل کر کے ڈمپ کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید وضاحت کی کہ اس منصوبے پر مکمل عملدرآمد تک عارضی طور پر ویسٹ کو ایک بڑے گڑھے کے آگے بند لگا کر روکا جائے گا، تاکہ آلودگی کے پھیلاؤ کو کم سے کم کیا جا سکے اور قریبی آبادی اور آبی وسائل کو تحفظ فراہم کیا جا سکے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے یقین دہانی کروائی کہ ماربل ویسٹ کے مسئلے کا مستقل اور موثر حل نکالنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں، تاکہ ماحول اور دریاؤں کو آلودگی سے بچایا جا سکے۔ مقامی صنعت کاروں اور تحریک کے نمائندگان نے انتظامیہ کے اقدامات کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اس مسئلے کا دیرپا حل جلد سامنے آئے گا

بقیہ 6 سہولیات

بعض ڈائیگناسٹک سہولیات کو بھی آؤٹ سورس کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جس کے تحت ابتدائی طور پر چھ سرکاری ہسپتالوں کو منتخب کرلیا گیا ہے جہاں مریضوں کو بلا تعطل تشخیصی سہولیات فراہم کرنے کے لیے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت ایم آر آئی اور سی ٹی اسکین مشینیں نصب کرنے کی جائیں گی۔ ان تشخیصی خدمات کی آؤٹ سورسنگ ہیلتھ فاؤنڈیشن خیبر پختونخوا کے ذریعے کی جائے گی۔ محکمہ صحت کی جانب سے اس سلسلے میں تیاری مکمل کرلی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال کوہاٹ، ڈی ایچ کیو سوات، ڈی ایچ کیو بٹ خیلہ اور ڈی ایچ کیو مالاکنڈ میں ایم آر آئی اور سی ٹی اسکین مشینیں فراہم کی جائیں گی، جبکہ تحصیل ہیڈکوارٹرز ہسپتال تخت بھائی مردان اور کیٹیگری ڈی ہسپتال گڑھ تاجک پشاور کو سی ٹی اسکینرز دیے جائیں گے۔ محکمہ صحت نے مستقبل میں مزید 72 ہسپتالوں کی فہرست تیار کی ہے جنکو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت دیا جائے گا۔ ان سب ہسپتالوں کیلئے مانیٹرنگ سسٹم کو بھی مزید مضبوط بنایا جارہا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اس وقت کئی اضلاع کے بڑے ہسپتالوں میں ان ڈائگناسٹک سروسز کی عدم فراہمی سے نہ صرف مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے بلکہ ان ہسپتالوں سے مریضوں کو پشاور اور دیگر بڑے ایم ٹی آئیز ہسپتالوں کو بھیجا جارہا ہے جس سے خصوصا پشاور کے لیڈی ریڈنگ ہسپتال سمیت تینوں بڑے ہسپتالوں میں مریضوں کا شدید رش ہے اور اس سے تشخیصی مشینوں پر بھی بوجھ میں کئی گنا اضافہ ہوا ہے۔

بقیہ 7 امکان

ہواں کے ساتھ باران رحمت کا نزول، موسم خوشگوار ہوگیا، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ شہر سمیت بفہ بالاکوٹ خاکی اوگی شنکیاری خاکی بٹل چھتر گھڑی حبیب اللہ داتا بحالی قلندرآباد جبوڑی سچاں اورلسان نواب تناول وارد گرد کے مضافاتی علاقوں میں گزشتہ روز صبح صادق سے گرج چمک وتیز ہواں کے ساتھ وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ شروع ہے بارش و ہواہوں کے چلنے سے مانسہرہ ضلع بھر میں موسم نہ صرف خوشگوار ہوگیا ہے بلکہ ہلکی سردی بھی پڑنے لگی ہے جبکہ مانسہرہ ضلع کے بیشتر علاقوں میں گرج چمک بارش و ہواؤں کا سلسلہ مزید جاری رہنے کا بھی امکان ہے

بقیہ 8 لوڈشیڈنگ

میگاواٹ تک پہنچنے کے باعث شہروں اور دیہات میں طویل لوڈشیڈنگ کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے، جس نے عوامی زندگی کو مفلوج کر دیا ہے۔ ملک میں بجلی کی مجموعی طلب 22ہزار میگاواٹ ہے، جبکہ اس کے مقابلے میں اوسط پیداوار صرف 16ہزار میگاواٹ ریکارڈ کی جا رہی ہے۔ اس بڑے فرق کی وجہ سے شہری علاقوں میں 4 گھنٹے تک بجلی کی بندش کی جا رہی ہے جبکہ دیہی علاقوں میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 8 گھنٹے تک پہنچ گیا ہے۔ بحران کی وجوہات اور بند پاور پلانٹس بجلی کی صورتحال ابتر ہونے کی بنیادی وجہ گیس، فرنس آئل اور پانی کی شدید کمی بتائی جا رہی ہے جبکہ ایندھن کی عدم دستیابی کے باعث متعدد پاور پلانٹس بند پڑے ہیں جس سے پیداوار بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ تشویشناک امر یہ ہے کہ یہ بند پاور پلانٹس ماہانہ اربوں روپے کے کیپیسٹی چارجز وصول کر رہے ہیں، جو قومی خزانے پر بھاری بوجھ ہے۔ حکومت پاور پلانٹس کے ساتھ کیے گئے ناقص معاہدوں کو ختم کرنے یا ان پر نظرثانی کرنے میں ناکام رہی ہے، جس کا تمام تر مالی بوجھ مہنگی بجلی اور ٹیکسوں کی صورت میں صارفین پر منتقل کیا جا رہا ہے۔ لیسکو سمیت تمام تقسیم کار کمپنیوں کو اس وقت شدید شارٹ فال کا سامنا ہے، جس کی وجہ سے سسٹم پر دباؤ بڑھ گیا ہے۔ عوامی ردعمل شدید گرمی اور حبس کے دوران بجلی کی گھنٹوں بندش نے شہریوں کی زندگی اجیرن کر دی ہے۔ کاروباری سرگرمیاں متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ گھروں میں پانی کی قلت کا مسئلہ بھی پیدا ہو رہا ہے۔ عوام نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر ایندھن کی فراہمی یقینی بنا کر بند پلانٹس چلائے جائیں تاکہ لوڈشیڈنگ میں کمی آ سکے۔

بقیہ 9 سنگ میل

نمایاں سنگ میل قرار دیا جارہا ہے۔ ان کی تحقیق کا عنوان تھا: " کریپ ون کے ایکٹو میٹابولزم کا لیوکیمیا کی ڈیویلپمنٹ اور گروتھ میں کردار " یہ تحقیق سائنسی میدان میں ایک بہترین اور منفرد کاوش ہے جس سے بلڈ کینسر (لیوکیمیا) کے حوالے سے نئے علاج کے طریقوں کی راہیں روشن کیں۔ یہ تحقیق ڈاکٹر صادق نور خان (چیئرمین، شعبہ میڈیکل لیبارٹری ٹیکنالوجی) کی نگرانی میں مکمل ہوئی۔ اس کے علاوہ ڈاکٹر فریال مہوش اعوان اور ڈاکٹر عامر علی خان نے بطور معاون نگران اہم کردار ادا کیا۔ دفاعی امتحان کا جائزہ دو ممتاز ماہرین، پروفیسر ڈاکٹر امجد علی (نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی) اور پروفیسر ڈاکٹر محمد نوید (یونیورسٹی آف سینٹرل پنجاب) نے لیا۔ ان دونوں ماہرین نے ڈاکٹر محمد آصف زیب کی تحقیق کو بہت سراہا اور اسے مستقبل کے لیے اہم قرار دیا۔ ڈاکٹر محمد آصف زیب کی تحقیق نے دریافت کیا کہ کریپ ون نامی جین بلڈ کینسر کی نشوونما اور پھیلاؤ میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ یہ جین کینسر کے خلیوں کو توانائی فراہم کرنے والے میٹابولک راستوں کو کنٹرول کرتا ہے۔ اس سلسلے میں ڈاکٹر محمد آصف زیب نے دو مختلف ادویات کا استعمال کیا۔ ڈاکٹر محمد آصف زیب کی یہ تحقیق معاشرے کے لیے بہت بڑا فائدہ ثابت ہوگی کیونکہ اس سے نہ صرف بروقت تشخیص میں مدد ملے گی بلکہ مؤثر علاج کے نئے دروازے بھی کھلیں گے۔

بقیہ 10 ڈکیتی

میں گھر میں ڈکیتی کی غرض سے داخل ہونیاور شہری کو اسلحہ آتشین سے زخمی کرنے کا واقع پیش آیا۔ مدعی کی رپورٹ پر نامعلوم ملزمان کے خلاف زیر دفعہ 324.457.34 پی پی سی مقدمہ درج رجسٹر ہوا۔ ایس ایچ او تھانہ صدر چوہدری خالد نے ہمراہ نفری پولیس کے ڈی ایس پی سرکل صدر محمد عارف کی زیرنگرانی کارروائی کرتے ہوئے وقوعہ میں ملوث ملزمان زوہیب ولد عبدالرحیم، اویس ولد نیاز، مہربان ولد محمد اقبال اور مجاہد ولد خالد ساکنان نور پور کو گرفتار کرلیا۔ وقوعہ میں استعمال ہونے والا اسلحہ آتشین بھی برآمد کرلیا۔ مقدمہ میں مذید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 11 تبدیلیاں

جس کے تحت مختلف تھانوں میں اہم تبدیلیاں عمل میں لائی گئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی کے ایس ایچ او صدیق شاہ کو تبدیل کر کے تھانہ خانپور تعینات کر دیا گیا ہے، جبکہ تھانہ غازی کے ایس ایچ او ہارون خان کو تھانہ سٹی میں بطور ایس ایچ او ذمہ داریاں سونپ دی گئی ہیں۔ اسی طرح انسپکٹر راجہ ممتاز کو تھانہ بنیاں سے تبدیل کر کے آر آئی لائن بھیج دیا گیا ہے، جبکہ انسپکٹر حبیب اللہ خان کو آر آئی لائن سے تھانہ بنیاں تعینات کیا گیا ہے۔ مزید برآں اعجاز علی کو تھانہ غازی میں تعیناتی دی گئی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ان تبادلوں کا مقصد ضلع میں امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانا اور پولیس کی کارکردگی کو مؤثر بنانا ہے۔ نئی تعیناتیوں کے بعد افسران نے اپنی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔ شہری حلقوں نے امید ظاہر کی ہے کہ نئے تعینات ہونے والے افسران جرائم کے خاتمے اور عوام کو بہتر سیکیورٹی کی فراہمی میں اہم کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 12 مقتول

جانب، تھانہ بفہ میں مقتول آفتاب کے بھائی سرازر نے رپورٹ درج کرواتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ اس کا بھائی کسی کام سے گھر سے نکلا تھا، جسے کلگان سبزی منڈی کے قریب کھیتوں میں ملزم سعید جان نے مبینہ طور پر غیرت ہی کے نام پر قتل کردیا۔ پولیس نے دونوں وارداتوں کے بعد جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرلیے ہیں اور ملزم کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں۔ علاقے میں اس واقعے کے بعد خوف وہراس پھیل گیا ہے، جبکہ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ قانون کو ہاتھ میں لینے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 13 تعلق

ولد غلام حیدر شامل ہیں، جن کا تعلق جانو منڈی شنکیاری سے بتایا جاتا ہے۔ حادثے میں زخمی ہونے والوں میں حبیب الرحمان ولد نور الرحمان، فیضان ولد نور الرحمان، زوجہ سجاد اور دختر سجاد شامل ہیں۔ تمام زخمیوں اور جاں بحق افراد کی میتوں کو فوری طور پر کنگ عبداللہ ہسپتال مانسہرہ منتقل کیا گیا، جہاں زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی گئی۔ ڈاکٹروں کے مطابق زخمیوں میں سے دو افراد کو کنگ عبداللہ ہسپتال سے مزید علاج کے لیے ایبٹ آباد منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں جبکہ حادثے کی وجہ تیز رفتاری بتائی جا رہی ہے۔

بقیہ 14 خلل

ٹریفک کی روانی میں سخت خلل پیدا ہوا۔ تھوڑی دیر کی بارش کے باعث سڑکوں پر پانی جمع ہونے سے ٹریفک کی روانی بری طرح متاثر ہوئی۔ سپلائی سے ایوب میڈیکل کمپلیکس تک نکاسی آب نالوں سے پانی ابل کر سڑک پر جمع ہوا جس سے گندگی اور غلاظت کے بھی انبار لگ گئے۔ کینٹ بورڈ کی حدود میں نکاسی آب نالوں کی صفائی میں غفلت سے ہر بارش کے بعد علاقہ مکین اور کاروباری طبقہ سخت اذیت سے دوچار ہوتا ہے۔ متعدد مقامات پر بارش کے بعد نالوں کا گندا پانی لوگوں کے گھروں اور دکانات میں داخل ہونے کی شکایات ہوتی ہیں جس پر ارباب اختیار ٹس سے مس ہونے کو تیار نہیں۔ کینٹ بورڈ کے مکینوں نے ڈی جی ملٹری لینڈ، صدر کینٹ بورڈ ایبٹ آباد سے اس تشویشناک صورتحال کا نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ ادھر واسا کی حدود میں بھی مختلف مقامات پر نالوں کو پانی رابطہ سڑک پر بہتا رہا جو راہ گیروں کے لئے بھی مشکلات کا باعث بنا ہے۔ تاہم بارش کے بعد شہر میں گرمی کا زور ٹوٹ گیا سرد ہواں میں موسم کی انگڑائی نے سماں باندھ دیا۔

بقیہ 15 رائٹس

خیالات کا اظہار چیئرمین پاکستان انٹرنیشنل ہیومن رائٹس آرگنائزیشن کمپلینٹ سیل خیبر پختونخواہ شہزاد خان نے ڈسٹرکٹ جیل ایبٹ آباد کا دورہ کے موقع پر کیا انہوں نے کہا کہ انسانی حقوق جیل اصلاحات اور بہترین انتظامی کارکردگی کا اعتراف چیئرمین کمپلینٹ سیل پاکستان انٹرنیشنل ہیومن رائٹس آرگنائزیشن شہزاد احمد اور سنٹرل وائس چیئرمین کمپلینٹ سیل ڈاکٹر محمد عثمان خان جدون کی قیادت میں ہیومن رائٹس ہزارہ کی ٹیم نے ڈسٹرکٹ جیل ایبٹ آباد کا اہم دورہ کیا۔ ڈیلیگیشن میں صدر ہزارہ ڈویژن چوہدری محمد حنیف، جنرل سیکریٹری ہزارہ محمد ایاز جنرل سیکریٹری ایبٹ آباد شیخ نثار احمد اور صدر یوتھ ونگ تحصیل حویلیاں نعمت اللہ خان بمعہ بھی شریک تھے وفد نے جیل کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی جائزہ لیا، قیدیوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات، صفائی، نظم وضبط، قانونی معاونت اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ سے متعلق امور کا مشاہدہ کیا جیل سپرنٹنڈنٹ ایبٹ آباد جنید بخاری اور ان کے سٹاف کے مثبت رویے، بہترین انتظامی صلاحیت اور قیدیوں کے ساتھ انسانی ہمدردی پر مبنی سلوک کو وفد نے بھرپور سراہا وفد کے تمام شرکا نے متفقہ طور پر کہا کہ ایسے ذمہ دار، باصلاحیت اور انسان دوست افسران بہت کم دیکھنے کو ملتے ہیں، اور ایسے افسران واقعی خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ ڈاکٹر محمد عثمان خان جدون نے کہا کہ جیل اصلاحات صرف انتظامی معاملہ نہیں بلکہ انسانی وقار، انصاف اور بنیادی حقوق کے تحفظ کا اہم حصہ ہیں ایسے افسران معاشرے میں مثبت تبدیلی کی عملی مثال ہوتے ہیں۔

بقیہ 16 معمول

معمول بن چکا ہے۔ عوام اس دوہری چکی میں پس رہے ہیں جہاں ایک طرف " بھوک " ہے اور دوسری طرف " ریاستی جبر "۔ پاکستانی عسکری قیادت اور وزیراعظم کی ایران سے مذاکرات کی کوششیں جاری ہیں تاکہ خطے کو کسی بڑی تباہی سے بچایا جا سکے، لیکن امریکہ کا "ڈومور " کا مطالبہ اور ایران کی اپنی بقا کی جنگ نے پاکستان کو " سخت چٹان اور کھائی " کے درمیان لا کھڑا کیا ہے۔ اگر پاکستان ایران کا ساتھ دیتا ہے تو امریکی پابندیوں کا ڈر ہے، اور اگر خاموش رہتا ہے تو سرحد پار سے بدامنی کا خطرہ۔ پاکستان اس وقت تاریخ کے مشکل ترین دور سے گزر رہا ہے۔ جہاں دنیا اس جنگ کے منفی اثرات سے بچنے کے لیے اپنی معیشتوں کو مضبوط کر رہی ہے، وہیں پاکستان کی داخلی پالیسیاں عوام کو ریلیف دینے کے بجائے انہیں مزید دیوار سے لگا رہی ہیں۔ جب تک سیاسی استحکام اور عوامی مفاد کی پالیسیاں نہیں بنتیں، عالمی جنگ ہو یا امن، پاکستانی عوام کے لیے سڑکوں پر نکلنا بھی مشکل رہے گا اور گھر میں رہ کر جینا بھی۔ موجودہ عالمی صورتحال، میں ایران اور امریکہ کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی نے نہ صرف مشرقِ وسطی بلکہ پوری دنیا کو ایک خطرناک موڑ پر لا کھڑا کیا ہے۔ ایران اور امریکہ کے درمیان کشیدگی نے عالمی توانائی کی سپلائی لائن، خاص طور پر آبنائے ہرمز کو شدید متاثر کیا ہے۔ خام تیل کی قیمتیں 120 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کر چکی ہیں، جس نے دنیا بھر میں مہنگائی کا ایک نیا طوفان برپا کر دیا ہے۔ سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات جیسے ممالک شدید سفارتی دباؤ میں ہیں، کیونکہ جنگ کی صورت میں ان کی تیل کی تنصیبات اور تجارتی راستے سب سے پہلے زد میں آئیں گے۔ پاکستان کا موازنہ اگر دنیا سے کیا جائے تو یہ ثابت ہوتا ہے کہ پاکستان نہ صرف جغرافیائی بلکہ معاشی لحاظ سے بھی اس بحران کا سب سے بڑا ہدف بنا ہے۔

بقیہ 17 اذیت

ہیں جس سے نہ صرف طلبہ وطالبات کو ذہنی اذیت کا سامنا کرنا پڑتا ہے بلکہ ٹریفک میں بھی خلل پیدا ہوتا ہے۔ والدین نے شکایت کی ہے کہ سکول اور کالج جانے والے بچوں کو روزانہ اس صورتحال کا سامنا کرنا پڑتا ہے جو کسی بھی صورت مناسب نہیں۔ عوامی سماجی حلقوں نے ڈی پی او اور ایس پی ٹریفک پولیس مانسہرہ سے مطالبہ کیا ہے کہ سکول وکالج کے پک اینڈ ڈراپ کے لیے استعمال ہونے والی گاڑیوں میں ٹیپ ریکارڈرز نکلوائے جائیں اور اس حوالے سے باقاعدہ مہم چلائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ کو چاہیے کہ تعلیمی اداروں کے بچوں کی سہولت اور بہتر ماحول کے لیے فوری اقدامات کرے تاکہ طلبہ و طالبات کو پرسکون اور محفوظ سفری ماحول فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ 18 سوسائٹی

لئے تاجر برادری اور سول سوسائٹی کی عوام نے اپنے سر جوڑ لئے ہیں شنکیاری میں واپڈا نے عرصہ دراز سے بجلی کی ظالمانہ اور غیر اعلانیہ بندش کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے، جس کی وجہ سے شنکیاری کی تاجر برادری اور عوام کو پریشانی میں اضافہ ہو چکا ہے واپڈا نے شنکیاری فیڈرز پر بغیر کسی پیشگی اطلاع کے بجلی بند کرنا معمول بنالیا ہے صوبائی حکومت اور واپڈا کے چیف سیکرٹری کے علم میں بار بار لانے کے باوجود کوئی شنوائی حاصل نہیں ہورہی شنکیاری میں معمولی سی ہوا چلنے اور معمولی بارش کی بوندیں گرتے ہی بجلی غائب کردی جاتی ہے واپڈا نے شنکیاری میں بجلی کی بندش کی اخیر کردی ہے بروقت بجلی کے بلوں کی ادائیگی کے باوجود شنکیاری کی عوام پر بجلی بند کردی جاتی ہے

بقیہ 19 کامیابی

نے دن بھر متاثرہ مقام پر بھرپور کوششیں جاری رکھی تاہم تاحال کوئی کامیابی حاصل نہ ہوسکی۔ حکام کے مطابق روشنی کم ہونے کی وجہ سے آپریشن کو محفوظ انداز میں عارضی طور پر وائنڈ اپ کیا گیا۔ ترجمان ریسکیو 1122 کے مطابق ڈی ای او مانسہرہ کی ہدایات پر تمام ٹیمیں الرٹ ہیں اور اگلے مرحلے کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ان شاء اللہ صبح ہوتے ہی سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن دوبارہ پوری قوت کے ساتھ شروع کیا جائے گا۔ مقامی انتظامیہ اور ریسکیو اہلکار صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ 20 ہسپتال

لیے لاش کو اٹک کے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ظاہر میاں موقع پر موجود رہے اور ریسکیو آپریشن کی خود نگرانی کرتے رہے۔

بقیہ 21 اہلیان

کی وجہ سے 300 گھروں کا رستہ بند کر دیا جاتا ہے، ان خیالات کا اظہار تسلیم خان ولد مبارک الرحمان، محمد ہارون ولد غلام ربانی اور مہربان خان ولد غلام یونس ساکنان دھرمیاں نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ رستہ تقریبا پندرہ سال سے استعمال ہو رہا ہے مگر اس رستہ کو ان افراد نے بلاوجہ بند کر دیا ہے۔ سیاسی اثرورسوخ والے یہ افراد بار بار اہلیان محلہ کو تنگ کرنے کے لیے یہ رستہ بند کر دیتے ہیں۔ اور علی ٹاون کا نام باضابطہ رجسٹرڈ نہیں واپڈا کے ٹرانسفارمر لگا ہوا ہے علی آباد کے نام سے گلیاں پختہ ہوتی ہیں، ہماری ڈپٹی کمشنر مانسہرہ اور ڈی پی او مانسہرہ سے گزارش ہیکہ ایسے شرپسند افراد کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی جائے اور ہمارے رستہ کو کھلوایا جائے اور انہیں پابند کیا جائے کہ رستہ کا تازعہ نہ بنائیں بصورت دیگر ہم اہلیان محلہ احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں

بقیہ 22 واقعات

واقعات نے شہریوں کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ گزشتہ روز حویلیاں کے گاں رجوعیہ میں ایک معمولی بات پر نوجوان کو گولی مار کر قتل کر دیا گیا۔ ان مسلسل بڑھتے ہوئے واقعات نے ایبٹ آباد کے پرامن شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے۔ عوام کا کہنا ہے کہ مہنگائی پہلے ہی انہیں ذہنی دباؤ کا شکار کیے ہوئے ہے، اور ایسے میں انسانی جان کی قدر میں کمی ایک خطرناک رجحان کی نشاندہی کرتی ہے۔ روزنامہ شمال کے کرائم رپورٹر بلال خان جدون نے شہر کے مختلف علاقوں، گاں اور محلوں کا دورہ کیا اور عوام سے گفتگو کی۔ شہریوں نے اپنے شدید خدشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ چھوٹے چھوٹے جھگڑے اب خونی تصادم میں تبدیل ہو رہے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پولیس گشت میں اضافہ کیا جائے، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے اور معاشرتی اصلاح کے لیے بھی اقدامات کیے جائیں۔ بلال خان جدون کے مطابق، ایبٹ آباد میں قتل و غارت کے بڑھتے ہوئے واقعات ایک سنجیدہ مسئلہ بن چکے ہیں، جن کی روک تھام کے لیے فوری اور مؤثر حکمت عملی اپنانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن وامان کی بحالی کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں، ضلعی انتظامیہ اور عوام کو مشترکہ طور پر کردار ادا کرنا ہوگا۔ عوامی مطالبہ شہریوں نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے اپیل کی ہے کہ ایبٹ آباد میں امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں، تاکہ اس خوبصورت شہر کو دوبارہ اس کا کھویا ہوا امن اور وقار واپس دلایا جا سکے۔

بقیہ 23 شیڈول

کے الیکشن شیڈول کا اعلان کر دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار ترجمان ایسوسی ایشن اور جنوبی اضلاع صدر اسرار محمد خان نے کیا کہ انتخابات درج ذیل الیکشن شیڈول کے مطابق ہونگے کاغذات نامزدگی 8مء 2026 بروز جمعہ 2 بجے تک جمع کرائے جاسکتے ہیں۔ کاغذات نامزدگی پر اعتراضات کیلئے 11مء 2026 بروز پیر 2 بجےتک جمع کرائے جاسکتے ہیں کاغذات نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ 12مء2026 بروز منگل 2 بجے تک مقرر کیا ہے۔ کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کی آخری تاریخ 15مء 2026 بروز جمعہ 2 بجے تک مقرر کر دیا۔ حتمی فہرست آویزاں امیدواران کی آخری تاریخ 18 مئی 2026 بروز پیر 2بجےتک ہونگے۔ انتخابات 2 جون بروز منگل کو چلڈرن ہسپتال حاجی کیمپ ضلع پشاور کے سامنے (CDO) آفس میں ہونگے انہوں نے بتایا کہ الیکشن کمیٹی ان افراد پر مشتمل ہوگی۔ چیئرمین الیکشن کمیٹی صوبائی چیئرمین محمد وارث خان۔ پریزیڈنگ افیسر یاسر خان جدون جنرل سیکرٹری ایوب ٹیچنگ ہاسپٹل ضلع ایبٹ اباد۔ اسسٹنٹ پریزائڈنگ ذکریا خان ڈی جی افس پشاور۔ پولنگ آفیسر ناہیدا اقبال صدر ڈی ایچ او ضلع کرک مقرر کردئے۔ جبکہ سعادت خان۔ ماجد خان۔ شہاب خان مجتبیٰ خان ممبران الیکشن کمیٹی مقرر کردئے۔ منجانب صوبائی ترجمان وصدر اسرار احمد خان پیرامیڈیکل درجہ چہارم ایسوسی ایشن محکمہ صحت جنوبی اضلاع

بقیہ 24 نکاسی آب

کے تحت اربوں روپے خرچ ہونے کے باوجود نکاسی آب کا نظام بہتر نہیں بنایا جاسکا۔ نالوں پر تجاوزات اور صفائی نہ ہونے کے باعث بارش کا پانی سڑکوں، گھروں اور کاروباری مراکز میں داخل ہو جاتا ہے، جس سے ہر سال نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔ مقامی افراد نے شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہر سال بارشوں کے بعد سیاسی قیادت اور متعلقہ ادارے بلند و بانگ دعوے کرتے ہیں، مگر عملی اقدامات نہ ہونے کے برابر ہیں۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ نکاسی آب کا نظام فوری طور پر بہتر بنایا جائے اور نالوں پر قائم تجاوزات کا خاتمہ یقینی بنایا جائے تاکہ آئندہ ایسے حالات سے بچا جا سکے۔

بقیہ 25 اقدامات

کے اقدامات کریں۔ انہوں نے کہا کہ قوم ملک کے ذمہ داران سے مطالبہ اور سوال کر رہی ہے کہ حکومت کی شاہ خرچیاں، اشرافیہ کی مفت مراعات اور بیوروکریسی کی لاکھوں کی تنخواہیں عوام کو فوری انصاف، مفت تعلیم، صحت، پینے کا صاف پانی اور روزگار کی فراہمی کیوں نہیں کر رہی۔

بقیہ 26 ہسپتال

اپنی بچی کے علاج کے لیے ہسپتال گئے جہاں او پی ڈی کا مقررہ وقت صبح سے دوپہر دو بجے تک ہے تاہم ان کے مطابق ڈاکٹر حضرات اکثر مقررہ وقت سے پہلے ہی اپنی نشستیں چھوڑ کر چلے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مریضوں کو ایکسرے، لیبارٹری ٹیسٹ اور دیگر معائنے تجویز کیے جاتے ہیں، جنہیں مکمل کرنے کے بعد جب مریض دوبارہ ڈاکٹر کے پاس آتے ہیں تو اکثر ڈاکٹر موجود نہیں ہوتے۔ ان کے بقول، آج بھی وہ اپنی بچی کے تمام ٹیسٹ مکمل کروا کر تقریبا ڈیڑھ بجے واپس آئے مگر متعلقہ ڈاکٹر اپنی جگہ پر موجود نہ تھے جس کے باعث انہیں شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ عبدالوحید نے مزید الزام عائد کیا کہ ایمرجنسی وارڈ میں نرسنگ اسٹاف اور کمپانڈر حضرات نے ان کی بیٹی کے ساتھ تضحیک آمیز اور غیر مناسب رویہ اختیار کیا، جس سے انہیں ذہنی اذیت کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے اس طرز عمل کو غیر پیشہ ورانہ اور ناقابل قبول قرار دیا۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر مانسہرہ، محکمہ صحت کے اعلی حکام اور ہسپتال انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ واقعے کا فوری نوٹس لے کر ذمہ دار افراد کے خلاف سخت تادیبی کارروائی کی جائے تاکہ آئندہ کسی مریض یا اس کے اہل خانہ کو ایسی صورتحال کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ شہری حلقوں نے بھی اس واقعے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ہسپتالوں میں طبی سہولیات اور عملے کے رویے کو بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

بقیہ 27 ٹیکس

ٹیکس ان کی فلاح و بہبود پر خرچ کیا جائے اور عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں

بقیہ 28 میڈیا

یوسفزئی و دیگر نے شرکت کی اس موقع پر صدر الیکٹرانک میڈیا سردار آصف نے محمد فصیح عباسی کی دوران تعیناتی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ضلع ہری پور میں عوامی مسائل کے حل، ریلیف کی فراہمی اور انتظامی امور کی بہتری کے لیے بھرپور اقدامات کیے۔ ان کی کارکردگی کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہیں اسسٹنٹ کمشنر محمد فصیح عباسی نے کہا کہ ہری پور میں گزارا گیا وقت ان کے لیے ہمیشہ یادگار رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہاں کے لوگوں کی محبت اور تعاون کو وہ کبھی فراموش نہیں کریں گے۔ تقریب کے اختتام پر معزز مہمان کو یادگاری شیلڈ پیش کی گئی اور ان کے روشن مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 29 رفوچکر

سنگین وارداتیں کافی عرصہ سے کر رہا تھا ان کی گرفتاری کی خبر آن ایئر ہونے کے بعد شہریوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اس سلسلے میں سوشل میڈیا پر تھانہ مانگل کی کارکردگی کو سراہا گیا گوجری بجگوٹ ٹیٹن کے شہریوں نے رسہ گیروں کی گرفتاری پر سکھ کا سانس لیا ہے یہ علاقے موڑ وے کی دونوں جانب قریب ترین آباد ہیں ان علاقوں میں چور گرو بڑی آسانی کے ساتھ کارروائی کرتے ہی رفو چکر ہو جاتے تھے

بقیہ 30 مقامات

نئے سیاحتی مقامات کی تلاش اور مقامی افراد کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہیں آج آپ کے درمیان آنے کا مقصد بھی یہی ہیکہ آپ کے مسائل آپ کی دہلیز پر حل کیے جائیں نقشوں سے متعلق سوال کے جواب میں کہا کہ غیر قانونی طور پر کسی کا نقشہ پاس نہیں ہوگا البتہ جائز اور قانونی طور پر نقشے پاس ہوں گے شوگران میں صفائی کی حالت بہتر بنانے کے لئے مزید مقامی افراد کو روزگار کے مواقع دیں گے جبکہ سری پایا کے مقام پر گھوڑوں کا ٹریک بنا کر انکی رجسٹریشن کا عمل بھی شروع کیا جائے گا اور انہیں سہولیات بھی فراہم کریں گے کاغان ناران شوگران کے لیے چودہ کروڑ کی لاگت سے واٹر سپلائی سکیم مکمل کر کے دی جائے گی شوگران میں ریسکیو دفتر قائم کرنے کے لیے بھی بات چیت کی جائے گی ہم ہر وقت آپکے درمیان ہوں گے ہمارا کام سیاحت کی ترقی کے ساتھ ساتھ کیمونٹی کی بھی ڈویلپمنٹ ہے انہوں نے کاغان کی سیاحتی مقام ڈنہ شریف تک سڑک کی مشروط تعمیر کا بھی یقین دلایا شوگران کھلی کچہری میں سید حسن شاہ، ناظم کیوائی حسینین شاہ جاوید شاہ شاہد محمد شاہ اشفاق شاہ جبکہ کاغان میں ناظم ثانی شاہ ہوٹل ایسوسی ایشن کے صدر عدیل شاہ سمیت کثیر تعداد میں علاقے کے عوام نے شرکت کی اور پانی کی فراہمی سڑکوں کی تعمیر سٹریٹ لائٹس ٹیکسز میں کمی، صحت کی سہولیات سمیت دیگر مسائل پیش کئے جس پر ڈائریکٹر جنرل کاغان ڈویلپمنٹ اتھارٹی رحمت علی وزیر نے کہا کہ شوگران میں ڈسپنسری قائم کرنے کے لیے بھی ڈی ایچ او سے بات کی جائے گی اور کاغان ویلی کے عوام کو صحت کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے مہینے میں ایک بار فری میڈیکل کیمپ بھی لگایا جائے گا شرکا نے کاغان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے سٹاف پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ڈی جی کاغان ڈویلپمنٹ اتھارٹی رحمت علی وزیر کا شکریہ ادا کیا کہ جنہوں نے کاغان ویلی کا دورہ کر کے نا صرف عوامی مسائل جانے بلکہ فوری نوعیت کے مسائل کو موقع پر حل کرنے کے احکامات جاری کئے

بقیہ 31 بابر سلیم

اعلان کیا اس موقع اسپیکر صوبائی اسمبلی صوبہ خیبر پختون خواہ بابر سلیم خان سواتی نے کیا ہم بانی تحریک انصاف عمران خان کے وژن کے مطابق کام کر رہے ہیں صوبہ خیبر پختون خواہ کے عوام نے عمران خان کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کے طرح ساتھ کھڑے ہیں اور کھڑے رہیں گے تحصیل چیئرمین حویلیاں عزیر شیر خان نے کہا بستی شیر خان گروپ کے بزرگوں نے ہمیشہ عوامی خدمت کو منشور بنا کر عوامی خدمت کی ہے اور اسی جذبے کو ہم اگے لیکر چل رہے ہیں

بقیہ 32 انصاف

اس موقع پر ڈی ایس پی سٹی سعید دون اور ایس ایچ او تھانہ سٹی صدیق شاہ بھی ان کے ہمراہ تھے۔ شفیع اللہ گنڈا پور نے متاثرہ خاندان کو یقین دہانی کرائی کہ واقعہ میں ملوث ملزم کو جلد از جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا اور انصاف کی فراہمی کے لیے تمام تقاضے پورے کیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولیس واقعہ کی ہر پہلو سے تفتیش کر رہی ہے اور مجرم کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ متاثرہ خاندان نے ڈی پی او کی آمد اور یقین دہانی پر اطمینان کا اظہار کیا اور جلد انصاف کی فراہمی کی امید ظاہر کی۔

بقیہ 33 شیک ہینڈز

مزید فروغ دینے کے لیے مشترکہ انسدادِ دہشت گردی مشقوں شیک ہینڈز (Shake Hands II) کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کی جانب سے بتایا گیا کہ یہ مشقیں دو ہفتوں تک جاری رہیں گی۔ مشترکہ مشقوں کا باقاعدہ آغاز 27 اپریل کو تربیلا میں ہوا۔ ان مشقوں میں پاک فوج کا اسپیشل سروسز گروپ اور سری لنکن آرمی کی اسپیشل فورسز دستے حصہ لے رہے ہیں: آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ ان مشقوں کا بنیادی مقصد دونوں دوست ممالک کے درمیان دیرینہ فوجی تعلقات کو مزید مضبوط بنانا اور مشترکہ تربیت کے ذریعے پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ کرنا ہے۔ دونوں ممالک کے دستے آپریشنل تجربات اور انسدادِ دہشت گردی کی کارروائیوں میں اپنی مہارتوں کا تبادلہ کریں گے، ان مشقوں سے باہمی تعاون کو بہتر بنانے اور ایک دوسرے کے طریقہ کار کو سمجھنے میں مدد ملے گی۔ آئی ایس پی آر کا مزید کہنا ہے کہ یہ مشقیں جدید جنگی چیلنجز بالخصوص دہشت گردی کے خلاف جنگ میں دونوں افواج کی جنگی تیاریوں کو ہم آہنگ کرنے کے لیے انتہائی اہمیت کی حامل ہیں۔ دو ہفتوں پر محیط اس تربیت سے دونوں ممالک کے دفاعی تعلقات میں نئی روح پھونکی جائے گی۔

بقیہ 34 کردار

وامان کی مثالی صورتحال برقرار رکھنے اور سنگین جرائم کے خاتمے میں کلیدی کردار ادا کرنے پر ساجد نواز خان کو خصوصی انعام اور تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا تفصیلات کے مطابق، تھانہ ھطار کی حدود میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری حالیہ کریک ڈاؤن اور "زیرو ٹالرنس " پالیسی کو سراہتے ہوئے ڈی آئی جی ہزارہ نے ساجد نواز خان کی محنت اور پیشہ ورانہ مہارت کا اعتراف کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایسے فرض شناس افسران محکمہ پولیس کا فخر ہیں جو اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر قانون کی بالادستی کے لیے دن رات کوشاں ہیں ساجد نواز خان کو انعام ملنے کی خبر جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی، جس پر علاقے کے سیاسی وسماجی حلقوں نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اسے حق بحق دار رسید قرار دیا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ " دبنگ " ایس ایچ او نے اپنی تعیناتی کے دوران نہ صرف جرائم کا گراف نیچے گرایا بلکہ عوام اور پولیس کے درمیان اعتماد کے رشتے کو بھی مضبوط کیا اس موقع پر ایس ایچ او ساجد نواز خان نے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میرا مقصد صرف اور صرف قانون کی حکمرانی اور مظلوم کی دادرسی ہے۔ ڈی آئی جی صاحب کی جانب سے ملنے والی یہ حوصلہ افزائی میرے لیے اعزاز ہے اور میں انشاءاللہ اپنی آخری سانس تک جرائم کے خلاف آہنی دیوار بنا رہوں گا محکمہ پولیس کے اس اعزاز پر ھطار اور گردونواح کے عوام نے ساجد نواز خان کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی مزید کامیابیوں کے لیے دعا کی ہے۔

بقیہ 35 یکجہتی

گھر آمد، والد کے انتقال پر اظہار تعزیت۔ تفصیلات کے مطابق ضلعی پولیس سربراہ مانسہرہ محمد اظہر خان پی آر او سہیل قریشی کے گھر گئے جہاں انہوں نے ان کے والد کے انتقال پر دلی افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ایس پی سٹی شاہنواز خان اور انسپکٹر ٹریفک انس خان بھی انکے ہمراہ موجود تھے۔ ڈی پی او مانسہرہ نے مرحوم کے لیے دعائے مغفرت اور درجات کی بلندی کی دعا کی جبکہ سوگوار خاندان کے ساتھ ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔

بقیہ 36 عیادت

اسپتال آمد، مریضوں کی عیادت کی۔ تفصیلات کے مطابق ممتاز قانون دان بیرسٹر سنگین سلطان خان نے کنگ عبداللہ ہسپتال مانسہرہ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے اپنے ڈرائیور محمد صابر کے والد محترم کی عیادت کی۔ اس موقع پر انہوں نے مریض کی خیریت دریافت کی اور ان کی جلد صحتیابی کے لیے دعا بھی کی۔ اس موقع پر بیرسٹر سنگین سلطان خان نے اسپتال میں زیر علاج دیگر مریضوں کی عیادت بھی کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ انہوں نے مریضوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناں کا اظہار کیا۔ دورے کے دوران بیرسٹر سنگین سلطان خان کی وہاں موجود افراد سے ملاقاتیں بھی ہوئیں، جن میں خوشگوار ماحول میں حال احوال اور باہمی امور پر گفتگو کی گئی۔

بقیہ 37 احکامات

کمشنر مانسہرہ میاں عادل بہزاد کے احکامات پر ضلع بھر میں غیر قانونی مقیم غیر ملکی افغان شہریوں کے خلاف کارروائیاں شروع کر دی گئی ہیں۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر بفہ پکھل فراز قریشی نے شنکیاری بازار کا دورہ کیا جہاں انہوں نے مختلف کریانہ اسٹورز، فروٹ شاپس اور ہوٹلز کا معائنہ کیا۔ دورے کے دوران اشیائے خوردونوش کی قیمتوں، معیار اور صفائی ستھرائی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ خلاف ورزیوں پر متعدد دکانداروں کو موقع پر جرمانے عائد کیے گئے جبکہ غیر قانونی طور پر رہائش پذیر غیر ملکی افغان شہریوں کے خلاف بھی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ انتظامیہ نے ایسے افراد کو حراست میں لے کر متعلقہ تھانے میں مقدمات درج کر دیے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ قانون کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 38 آفت زدہ

خدمت اور آفت زدہ علاقوں میں فوری امداد کی فراہمی ہے۔ میڈیا نمائندوں کو بریفنگ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جس طرح ملک کے دیگر اضلاع میں الخدمت فاؤنڈیشن اپنی خدمات انجام دے رہی ہے اسی طرح ضلع مانسہرہ میں بھی آفات سے متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیاں بھرپور طریقے سے جاری رکھی جاتی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مشکل کی گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کو تنہا نہیں چھوڑا جاتا اور ان کی ہر ممکن مدد کی جاتی ہے علی احمد شاہ نے مزید بتایا کہ الخدمت فاؤنڈیشن کی ٹیمیں متاثرہ علاقوں میں راشن، طبی امداد اور دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی میں ہمہ وقت مصروف عمل رہتی ہیں۔ اس موقع پر انہوں نے مخیر حضرات سے اپیل کی کہ وہ دکھی انسانیت کی مدد کے لیے آگے بڑھیں اور الخدمت فاؤنڈیشن کا ساتھ دیں تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کی مدد کی جاسکے۔

بقیہ 39 ریلیف

بنادی ہے، جس پر عوامی حلقوں میں شدید غم وغصہ پایا جارہا ہے۔ گزشتہ روز بارش کی معمولی بوندیں گرتے ہی واپڈا کی جانب سے بجلی کی طویل بندش نے شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بار بار کی لوڈشیڈنگ نے معمولات زندگی درہم برہم کر دیے ہیں اور کاروباری سرگرمیاں بھی بری طرح متاثر ہو رہی ہیں۔ لوڈشیڈنگ کے باعث طلبہ بھی شدید متاثر ہو رہے ہیں، جبکہ گرمی کی شدت اور مچھروں کی بھرمار نے صورتحال کو مزید خراب کر دیا ہے۔ شہریوں کے مطابق بجلی کی بندش اور غیر یقینی صورتحال کے باعث ان کا جینا محال ہو چکا ہے۔ عوامی و سماجی حلقوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ بجلی کی بلاجواز لوڈشیڈنگ کا نوٹس لیا جائے اور نظام کو بہتر بنایا جائے تاکہ شہریوں کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 40 سیمینار

کے مہمانِ خصوصی سابق ڈی جی FIA اور سی ای او CIT اینڈ SDG اکیڈمی اسلام آباد سید عمار جعفری تھے، جنہوں نے جدید ٹیکنالوجی کے عالمی رجحانات پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ مقررین نے بتایا کہ آرٹیفیشل انٹیلیجنس کس طرح خلائی مشنز، سیٹلائٹ سسٹمز اور ڈیٹا اینالیسس کو زیادہ مؤثر اور محفوظ بنا رہی ہے۔ تقریب میں طلبہ کو خلائی سائنس اور اے آئی کے میدان میں موجود کیریئر مواقع اور جدید تقاضوں سے بھی آگاہ کیا گیا، جس سے نوجوانوں میں اس شعبے کے لیے دلچسپی بڑھی۔ یہ سیمینار ڈیپارٹمنٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، ماڈرن ویز کنسورشیم اور جامعہ ہری پور کے اشتراک سے منعقد ہوا۔ تقریب کے اختتام پر ماڈرن ویز کنسورشیم کے فاؤنڈر سید نوید حسین شاہ اور سید عمار جعفری کے درمیان مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے گئے، جس کے تحت نوجوانوں کے لیے جدید ٹیکنالوجی کی تعلیم اور ہنر کے فروغ پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ نوجوان نسل کو جدید تعلیم سے آراستہ کر کے انہیں ڈیجیٹل معیشت کا فعال حصہ بنایا جائے گا۔

بقیہ 41 بحران

سے اتار لیئے گئے۔ پانی کا بحران پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ تفصیلات کے مطابق واپڈا کو بجلی بلوں کی عدم ادائیگی پر ہری پور کھلابٹ ٹاؤن شپ وگردونواح میں واقع سرکاری ٹیوب ویلوں پر نصب بجلی کے کنکشن منقطع کرتے ہوئے بجلی میٹرز اتار لیئے گئے۔ بجلی میٹرز اتارے جانے کے بعد عوام کو پانی کی فراہمی تعطل کا شکار ہوگئی۔ ضلع بھر میں پینے کے پانی کا بحران پیدا ہونے کا امکان ہے۔ عوامی حلقوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ صوبائی حکومت واپڈا کو بجلی بلوں کی ادائیگی کرے اور فوری طور پر تمام ٹیوب ویلوں سے اتارے گئے بجلی میٹرز دوبارہ نصب کیئے جائیں تاکہ شہریوں کو پانی کی فراہمی بلاتعطل جاری رہے سکے۔ عوام کا کہنا ہے کہ ہم پہلے ہی صوبائی اور وفاقی حکومتوں کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے دوہرے عذابوں میں مبتلا ہیں۔ یہ حکمران اگر ملک نہیں چلا سکتے تو فوری طور پر مستعفی ہوکر گھر جائیں۔ عوام کی زندگیوں کو مزید اجیرن مت بنایا جائے۔

بقیہ 42 ہدایت

لیا۔ ایس پی ٹریفک نے اہلکاروں کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ عوام الناس، بالخصوص طلبہ اور والدین کے ساتھ خوش اخلاقی اور خوش اسلوبی سے پیش آئیں، اور اپنی ڈیوٹی ذمہ داری اور ایمانداری کے ساتھ سرانجام دیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹریفک کی روانی کو ہر صورت برقرار رکھا جائے تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو۔

بقیہ 43 اضافہ

میں تیل کی قیمتوں میں تیزی سے اضافہ دیکھنے میں آیا ہے جس کے اثرات آئندہ قیمتوں کے تعین میں پاکستان پر بھی پڑ سکتے ہیں۔ تازہ عالمی اعداد وشمار کے مطابق 28 اپریل تک برینٹ کروڈ آئل کی قیمت 2.99 ڈالر اضافے کے بعد 111.22 ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئی جبکہ امریکی خام تیل 3.66 ڈالر مہنگا ہو کر 100.03 ڈالر فی بیرل کی سطح عبور کر گیا ہے۔ ماہرین کے مطابق عالمی قیمتوں میں مسلسل اضافہ برقرار رہا تو آئندہ جائزے میں ملکی سطح پر پیٹرولیم مصنوعات مزید مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ تیل کی قیمتوں میں اس تیزی کی بڑی وجہ مشرق وسطی میں بڑھتی ہوئی کشیدگی ہے، امریکہ اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی تلخی اور امن مذاکرات میں تعطل نے عالمی مارکیٹ میں بے یقینی پیدا کر دی ہے۔ پاکستان اپنی ایندھن کی ضروریات کے لیے بڑی حد تک درآمدی تیل پر منحصر ہے، اس لیے عالمی قیمتوں میں اضافہ براہ راست مقامی مارکیٹ پر اثر انداز ہوتا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ موجودہ عالمی رجحان کے پیش نظر پاکستان میں پیٹرول کی قیمت 400 روپے فی لیٹر کی تاریخی سطح سے تجاوز کر سکتی ہے۔ معاشی ماہرین کے مطابق اگر عالمی سطح پر تیل کی قیمتیں اسی طرح برقرار رہیں تو مئی کے پہلے عشرے میں پاکستانی عوام کو مہنگائی کے ایک نئے اور شدید جھٹکے کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پیٹرولیم لیوی کی وصولی پہلے ہی 1468 ارب روپے کے سالانہ ہدف کو عبور کرنے کے قریب ہے، لیکن اس کے باوجود لیوی کو مزید بڑھانے کے لیے مشاورت جاری ہے

بقیہ 44 معمولات

کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ ٹرانسپورٹرز کا کہنا ہے کہ پیٹرول کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے باعث کرایوں میں اضافہ ناگزیر ہو گیا ہے، جبکہ سی این جی اسٹیشنز کی بندش سے متبادل ایندھن بھی دستیاب نہیں، جس کے باعث ان کے کاروبار کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے۔ دوسری جانب شہریوں کا کہنا ہے کہ مہنگائی کے اس طوفان نے ان کی قوتِ خرید پہلے ہی ختم کر دی ہے، اور اب سفری اخراجات میں اضافے نے ان کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ شہریوں اور ٹرانسپورٹرز نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی لائی جائے اور سی این جی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے۔ عوامی حلقوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر صورتحال کا فوری نوٹس نہ لیا گیا تو مشکلات میں مزید اضافہ ہوگا اور معمولاتِ زندگی شدید متاثر ہو سکتے ہیں۔

بقیہ 45 استقبال

آمد ہوئی، جہاں ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر سرور زیب اعوان نے معزز مہمان کی آمد کو سراہتے ہوئے کہا کہ شکیل تنولی اپنی تنظیم کے ذریعے عوامی فلاح و بہبود کے لیے قابلِ قدر خدمات انجام دے رہے ہیں، جو قابل ستائش ہیں۔ یاد رہے اس وقت تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کے تحت 9 ایمبولینسز ایبٹ آباد میں جبکہ 2 ایمبولینسز لاہور میں عوامی خدمت کے لیے سرگرم عمل ہیں۔ یہ ایمبولینس سروسز ہنگامی طبی امداد کی فراہمی میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ تنظیم اس کے علاوہ صحت کی سہولیات کی بہتری، معیاری تعلیم کے فروغ، بے روزگار افراد کو روزگار کی فراہمی اور مستحق خاندانوں کی مالی معاونت جیسے متعدد فلاحی منصوبوں پر بھی کام کر رہی ہے۔ ملاقات کے دوران قومی تحریک ضلع تنول کے مستقبل، تنظیمی ڈھانچے اور عوامی مسائل کے حل کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ضلع تنول کا قیام ہی علاقے کے دیرینہ مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کا واحد مؤثر راستہ ہے۔ اس موقع پر اوورسیز تناولی قیادت نے تحریک کی بھرپور حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے یقین دہانی کروائی کہ وہ اس جدوجہد میں ہر سطح پر نمایاں کردار ادا کریں گے۔ سرور زیب اعوان نے شکیل تنولی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات اور مزید کامیابیوں کے لیے دعا کی۔

بقیہ 46 سکاؤٹ

حصہ کے لیے عماد اعجاز نے ضلعی سیکرٹری کے عہدے کے لیے کاغذات نامزدگی جمع کروا دیے گورنمنٹ ہائی اسکول نمبر 3 ہری پور سے سکاٹ کونسل کے ارکان کا ایک عظیم الشان قافلہ گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول بریلہ کی جانب روانہ ہوا جہاں ڈسٹرکٹ بوائے سکاؤٹ ایسوسی ایشن ہری پور کے انتخابات کے سلسلے میں ضلعی سیکرٹری کے عہدے کے لیے امیدوار لیڈر ٹریز عماد اعجاز کے کاغذات نامزدگی الیکشن کمشنر ذیشان صدیق پرنسپل گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری اسکول بریلہ کے پاس جمع کروائے گئے۔ اس موقع پر تمام مقررین نے سابق سکاؤٹ سیکرٹری حاجی ذوالفقار احمد اور عماد اعجاز کی خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا بالخصوص عماد اعجاز کی سکاٹنگ کے میدان میں گراں قدر خدمات، نوجوانوں کی تربیت میں ان کا کردار، اور تنظیمی امور میں ان کی بصیرت کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں ضلعی سیکرٹری بوائے سکاؤٹ ایسوسی ایشن کے لیے نہایت موزوں ترین امیدوار قرار دیا گیا۔ ان کی شخصیت نہ صرف سکاٹنگ کے اصولوں کی عکاسی ہے بلکہ وہ نظم وضبط، دیانت داری اور قائدانہ صلاحیتوں کا بہترین امتزاج بھی رکھتے ہیں۔ اس موقع پر سکاٹ کونسل ہری پور کے اراکین کی بڑی تعداد شریک تھی جن میں سابق پرنسپل سلیم جاوید، پرنسپل ڈاکٹر طارق محمود تنولی انوار الحق پرنسپل اظہر قریشی وائس پرنسپل، ریاست خان سابق پرنسپل، ملک سجاد عزیز سابق پرنسپل، ڈاکٹر تیمور خان سابق پرنسپل، تاج گوہر ہیڈ ماسٹر، جامیر خان ہیڈ ماسٹر، وحید قیصر، حاجی ذوالفقار احمد حافظ سرفراز خان بطور میڈیا کوآرڈینیٹر، حافظ محمد علی محمد ساجد، سعید الرحمن عادل رشید محمد جمشید خان نذر حسین ضیا رسول خان طارق محمود اور محمد نذیر شامل تھے۔ تمام اراکین نے متفقہ طور پر عماد اعجاز کے حق میں اپنے اعتماد اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ سکاٹ کونسل کے ارکان کی اتنی بڑی تعداد میں جمع ہونا اس بات کا واضح ثبوت تھا کہ ہری پور میں سکاٹنگ کے فروغ کے لیے ایک مضبوط اور مخلص قیادت کی ضرورت ہے اور عماد اعجاز اس ذمہ داری کو احسن انداز میں نبھانے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں۔ ان کے لیے دعاں، نیک تمناں اور بھرپور حمایت کا یہ مظاہرہ نہ صرف ان کی مقبولیت کا عکاس ہے بلکہ آنے والے وقت میں سکاٹنگ کے روشن مستقبل کی نوید بھی ہے۔

بقیہ 47 صلح

سالوں سے جاری دشمنی کا صلح کرنے پر مبارکباد دی ہے اس دشمنی میں کئی جانیں ضائع ہوئی اور مزید بڑھنے کا خطرہ تھا جو کہ خوش اسلوبی سے ختم ہوئی

بقیہ 48 معروف خان

پرڈی ای او ایجوکیشن مانسہرہ محمد معروف خان نے کہا کہ ہماری ہمیشہ سے یہ کوشش رہی ہے کہ تعلیم کا فروغ ہو اور طلباء کو ہر ممکنہ سہولت میسر آ سکے کیونکہ تعلیم کسی بھی ملک وصوبہ وعلاقہ کی ترقی کے لئے ریڑھ کی ہڈی جیسی حیثیت رکھتی ہے اور میری کوشش ہوگی کہ پہلیہ فرصت میں ہائیر سیکنڈری سکول پھلڑہ کی ضروریات پوری کی جاسکیں پرنسپل محمد اسلم تنولی کی جانب خالی پوسٹوں کے حوالہ سے بھی بات کی گئی جس پر ڈی ای او ایجوکیشن نے یقین دہانی کرائی کہ اساتذہ میسر ہوتے ہی پھلڑہ خالی پوسٹوں پر تعینات کردوں گا جس پر وفد نے ان کا شکریہ ادا کیا

بقیہ 49 کمیونٹی

خان آمان کی صدارت میں کمیونٹی سنٹر شنکیاری میں منعقد ہوا، فورم کے سرپرست اعلی حضرت مولانا قاضی وصی الرحمن نے تلاوت قرآن کریم سے اجلاس کا آغاز کیا، آراکین فورم فدا محمد خان، چوہدری نوید حسین، افتخار احمد خان، محبوب الہی، عبدالرحمن سلہریا، فاروق احمد، ممتاز سنیئر سٹیزن تاج الدین خان نے اظہار خیال کرتے ہوئے مختلف تجاویز پیش کیں۔ فورم ممبران نے سابق دور حکومت میں شنکیاری میں تجویز کردہ گرلز ڈگری کالج کی شنکیاری سے مبینہ منتقلی کی سامنے آنے والی معلومات پر سابق ایم این اے صالح محمد خان کے کردار پر انتہائی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کے اس اقدام سے اپر پکھل سمیت سرن وکونش ویلی کی بچیوں کو میٹرک سے آگے پڑھنے سے محروم کیا گیا جو کہ قابل مذمت اقدام ہے۔ اجلاس میں حلقہ کے رکن قومی اسمبلی اور وفاقی وزیر سردار محمد یوسف اور رکن صوبائی اسمبلی سردار شاہجہاں یوسف سے ڈویلپمنٹ فنڈز میں کونش اور سرن ویلی کے مرکزی مقام شنکیاری کو اس کا مناسب حق دینے کا مطالبہ کیا گیا اور طے ہوا کہ اگر آئندہ 2/3 ہفتوں میں ایسا عملی مظاہرہ نہ کیا گیا تو سنیئر سٹیزن فورم کے پلیٹ فارم سے ان کی سالانہ ترقیاتی منصوبوں کی جاری کردہ فہرست/ ٹینڈرز کے خلاف شنکیاری کی حق تلفی پر حکم امتناعی لیا جائے گا اور اس ناانصافی حق تلفی کے خلاف ہر فورم پر احتجاج بھی کیا جائے گا۔ اجلاس میں فورم کے قانونی مشیر سنیئر قانون دان شوکت پرویز خان نے بھی خصوصی طور شرکت کی اور این ایچ اے کو دیئے گئے قانونی نوٹس کے بارے شرکا کو آگاہ کیا۔ اجلاس میں چیئرمین فورم میجر آمان اللہ خان اور فدا محمد خان پر مشتمل دو رکنی کمیٹی تشکیل دی گئی جو نیشنل ہائی وے کے متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر سے ملاقات کر کے بیدادی کے مقام پر شاہراہ ریشم کے متاثرہ حصے پر اپنی ذاتی دلچسپی سے فوری طور پر حفاظتی آہنی گارڈز نصب کرنے اور حفاظتی دیوار کی تعمیر کا پیپر ورک بنانے کی ہدایت پر ان کا شکریہ ادا کرنے سمیت ان سے سرپرست اعلی قاضی وصی الرحمن کی تجویز پر شنکیاری میں شاہراہ ریشم کے سائیڈوں کے نالوں کی صفائی ستھرائی بارش کے دوران جمع ہونے والے پانی کی نکاسی اور سڑک کے کناروں پر شلٹروں کی تعمیر کی تجاویز اور درخواست کرے گا۔ اجلاس میں شنکیاری محلّہ بارہ دری سے براستہ محلّہ دودال مکڑ ھامیانہ کو جانے والی رابطہ کچی سڑک پر بجلی کے کھمبوں کی رکاوٹ اور شنکیاری بجنہ روڈ کی ناگفتہ بہہ حالت زار کے متعلق جلد ہی کمشنر ہزارہ سے ملاقات کا بھی فیصلہ کیا گیا جبکہ یہ بھی طے ہوا کہ صوبائی سیکرٹری پی اینڈ ڈی سے افتخار احمد خان رابطہ کرکے ٹائم طے کریں گے اور مقامی ترقیاتی وتعمیراتی مسائل کے حوالے سے سٹیزن فورم کا وفد ان سے بھی ملے گا۔ بعد ازاں چیئرمین فورم نے دعائے کرائی اور اجلاس آئندہ کی تاریخ تک ملتوی کر دیا گیا۔

بقیہ 50 سلیم خان

زدہ خاندان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ سابق تحصیل نائب ناظم سلیم خان تنولی نے صحافیوں کے ساتھ ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چند روز قبل سیکٹر نمبر 2 کھلابٹ میں رکشہ میں پیٹرول ڈالتے ہوئے آگ بھڑکنے کا افسوس ناک حادثہ پیش آیا جس میں نوجوان ریاض خان آگ کی لپیٹ میں آ کر بری طرح جھلس گیا تاہم چند ہی گھنٹوں بعد زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گیا انہوں نے بتایا کہ آگ لگنے کے حادثہ کی فوری اطلاع ملتے ہی میں موقع پر پہنچا زخمی کو طبی علاج معالجہ و دیگر امدادی کارروائیوں میں حصہ لیا مکمل رابطے میں رہا بعض لوگ اس افسوس ناک حادثہ کو غلط رنگ دے رہے تھے جو کہ سراسر بے بنیاد پروپیگنڈا ہے ہمارے محلّہ کا نوجوان زندگی کی بازی ہار گیا جس پر پورے علاقہ کو صدمہ اور گہرا دکھ ہے ہم اس غم کی گھڑی میں غم زدہ خاندان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں اور اللہ کریم کے حضور دعا گو ہیں کہ اللہ کریم مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلی مقام اور تمام لواحقین والدین جملہ خاندان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 51 شرکت

کی نماز جنازہ میں سابق اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی عمر ایوب خان، سابق صوبائی وزیر یوسف ایوب خان، سابق ایم پی اے گوہر نواز خان، سابق وزیر اعلی پیر صابر شاہ، ایم پی اے ملک عدیل اقبال اعوان، سابق نائب چیئرمین ذاکر خان تنولی سمیت دیگر اعلی سیاسی وسماجی شخصیات سمیت ہر مکتبہ فکر حلقوں کی جانب سے شرکت کرتے ہوئے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا گیا۔ نماز جنازہ کے بعد مرحومہ خاتون کو آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا ہے

بقیہ 52 آراستہ

ناظم وتحصیل صدر پاکستان تحریک انصاف فیصل ترک، سرپرست اعلی آل ٹیچرز ایسوسی ایشن ہری پور حاجی ذوالفقار احمد، چیرمین، پی ٹی سی ممبران، عوامی نمائندوں، اساتذہ، طلبا، والدین، میڈیا نمائندگان کے علاوہ ہر مکتب فکر اور شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ واک کا مقصد زیادہ سے زیادہ بچوں کو سکول میں داخل کروانے کے لیے عوام میں آگاہی پیدا کرنا تھا۔ اس موقع پر شرکا نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے تعلیم کی اہمیت کو اجاگر کیا اور والدین پر زور دیا کہ وہ اپنے بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کریں۔ تقریب سے ڈی ای او محمد اشرف، پرنسپل ظفر ارباب عباسی، وائس پرنسپل فواد حسین، فیصل خان ترک و دیگر نے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم ہر بچے کا حق ہے اور ہماری کوشش ہے کہ ہر بچہ سکول میں ہو۔ ہم زیادہ سے زیادہ بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کے لیے اپنی تمام توانائیاں صرف کریں گے اور اس ضمن میں حکومت خیبر پختون خواہ کی جاری کردہ ہدایات پر مکمل عمل کریں گے۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ داخلہ مہم کو کامیاب بنانے کے لیے اساتذہ، والدین اور معاشرے کے تمام طبقات کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا۔ اس موقع پر شرکا نے تعلیم کے فروغ میں پرنسپل ظفر ارباب عباسی اور وائس پرنسپل فواد حسین کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ تقریب کے آخر میں ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی اور داخلہ مہم کی کامیابی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ 53 مسائل

جو مسائل درپیش تھے انہیں حل کرنے کی کوششیں کی علماء کرام تاجر برادری وکلاء صحافیوں سمیت ہر کمیونٹی کے افراد نے ضلع میں امن بھائی چارے محبت اور برداشت کا تسلسل قائم رکھنے کے لیئے بھرپور تعاون کیا اہلیان ہری پور کی محبتوں کو ہمیشہ یاد رکھوں گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ خطیب مولانا عبدالماجد قمر کی جانب سے منعقدہ الوداعی پارٹی کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر علماء کرام کی کثیر تعداد موجود تھی مولانا عبدالماجد قمر و دیگر علماء نے فصیح عباسی کی ہری پور کے لیے خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور مستقبل میں انکے لیئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

بقیہ 54 ممبران

خان، محبوب الہی، عبدالرحمن سلہریا، فاروق احمد، ممتاز سنیئر سٹیزن تاج الدین خان نے اظہار خیال کرتے ہوئے مختلف تجاویز پیش کیں۔ فورم ممبران نے سابق دور حکومت میں شنکیاری میں تجویز کردہ گرلز ڈگری کالج کی شنکیاری سے مبینہ منتقلی کی سامنے آنے والی معلومات پر سابق ایم این اے صالح محمد خان کے کردار پر انتہائی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کے اس اقدام سے اپر پکھل سمیت سرن وکونش ویلی کی بچیوں کو میٹرک سے آگے پڑھنے سے محروم کیا گیا جو کہ قابل مذمت اقدام ہے۔ اجلاس میں حلقہ کے رکن قومی اسمبلی اور وفاقی وزیر سردار محمد یوسف اور رکن صوبائی اسمبلی سردار شاہجہاں یوسف سے ڈویلپمنٹ فنڈز میں کونش اور سرن ویلی کے مرکزی مقام شنکیاری کو اس کا مناسب حق دینے کا مطالبہ کیا گیا اور طے ہوا کہ اگر آئندہ 2/3 ہفتوں میں ایسا عملی مظاہرہ نہ کیا گیا تو سنیئر سٹیزن فورم کے پلیٹ فارم سے ان کی سالانہ ترقیاتی منصوبوں کی جاری کردہ فہرست/ ٹینڈرز کے خلاف شنکیاری کی حق تلفی پر حکم امتناعی لیا جائے گا اور اس ناانصافی حق تلفی کے خلاف ہر فورم پر احتجاج بھی کیا جائے گا۔ اجلاس میں فورم کے قانونی مشیر سنیئر قانون دان شوکت پرویز خان نے بھی خصوصی طور شرکت کی اور این ایچ اے کو دیئے گئے قانونی نوٹس کے بارے شرکا کو آگاہ کیا۔ اجلاس میں چیئرمین فورم میجر آمان اللہ خان اور فدا محمد خان پر مشتمل دو رکنی کمیٹی تشکیل دی گئی جو نیشنل ہائی وے کے متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر سے ملاقات کر کے بیدادی کے مقام پر شاہراہ ریشم کے متاثرہ حصے پر اپنی ذاتی دلچسپی سے فوری طور پر حفاظتی آہنی گارڈز نصب کرنے اور حفاظتی دیوار کی تعمیر کا پیپر ورک بنانے کی ہدایت پر ان کا شکریہ ادا کرنے سمیت ان سے سرپرست اعلی قاضی وصی الرحمن کی تجویز پر شنکیاری میں شاہراہ ریشم کے سائیڈوں کے نالوں کی صفائی ستھرائی بارش کے دوران جمع ہونے والے پانی کی نکاسی اور سڑک کے کناروں پر شلٹروں کی تعمیر کی تجاویز اور درخواست کرے گا۔ اجلاس میں شنکیاری محلّہ بارہ دری سے براستہ محلّہ دودال مکڑ ھامیانہ کو جانے والی رابطہ کچی سڑک پر بجلی کے کھمبوں کی رکاوٹ اور شنکیاری بجنہ روڈ کی ناگفتہ بہہ حالت زار کے متعلق جلد ہی کمشنر ہزارہ سے ملاقات کا بھی فیصلہ کیا گیا جبکہ یہ بھی طے ہوا کہ صوبائی سیکرٹری پی اینڈ ڈی سے افتخار احمد خان رابطہ کرکے ٹائم طے کریں گے اور مقامی ترقیاتی وتعمیراتی مسائل کے حوالے سے سٹیزن فورم کا وفد ان سے بھی ملے گا۔ بعد ازاں چیئرمین فورم نے دعائے کرائی اور اجلاس آئندہ کی تاریخ تک ملتوی کر دیا گیا۔

بقیہ 55 شرکت

پی ٹریفک جہانزیب خان اور ڈی ایس پی ٹریفک ارشد خان سمیت دیگر افسران، پولیس جوانوں اور ریٹائر ہونے والے افسر کے اہل خانہ نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران ڈی پی او مانسہرہ نے انہیں مانسہرہ پولیس کی جانب سے یادگاری شیلڈ پیش کی، جبکہ دیگر افسران نے بھی شیلڈز اور تحائف پیش کر کے ان کی خدمات کو سراہا۔ اس موقع پر ڈی پی او مانسہرہ محمد اظہر خان نے نیک تمناں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی خدمات ہمیشہ محکمہ پولیس کا قابل فخر سرمایہ رہیں گی، اور آپ ریٹائرمنٹ کے بعد بھی اس فورس کا قابل قدر حصہ رہیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سردار جاوید نے اپنے کیریئر کے دوران دیانتداری، محنت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا بہترین مظاہرہ کیا۔

بقیہ 56 پابندی

کی تعمیراتی سرگرمیوں پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ اسی طرح چھ مائرہ ڈیم، کیالہ ڈیم اور جھنگڑا ڈیم میں نہانے، کشتی رانی اور دیگر تفریحی سرگرمیوں پر بھی مکمل پابندی ہوگی۔ مزید برآں ضلع بھر میں دریاؤں اور ندی نالوں کے کناروں پر درختوں کی کٹائی، پہاڑی کٹائی اور مائننگ/کھدائی کی سرگرمیوں پر بھی پابندی عائد کردی گئی ہے یہ احکامات فوری طور پر نافذ العمل ہوں گے اور آئندہ دو ماہ تک مؤثر رہیں گے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا ہے کہ ان احکامات کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف دفعہ 188 تعزیرات پاکستان کے تحت سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ مزید برآں، اس حکم نامے کی تشہیر اخبارات، سرکاری گزٹ، ضلعی عدالتوں، دفتر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر، میونسپل کمیٹیوں اور متعلقہ پولیس اسٹیشنز کے نوٹس بورڈز پر کی جائے گی تاکہ عوام الناس کو بروقت آگاہی فراہم کی جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ قانون کی پاسداری کریں اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچنے کے لیے جاری کردہ احکامات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنائیں۔

بقیہ 57 صورتحال

کی صورتحال کو بہتر بنانا اور آمد ورفت میں حائل رکاوٹوں کو ختم کرنا ہے۔ ٹی ایم اے نے دکانداروں اور شہریوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ سرکاری حدود میں تجاوزات سے گریز کریں، بصورت دیگر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 58 شناخت

تہذیب، ثقافت اور تاریخی شناخت کو عالمی سطح پر متعارف کرانے کیلئے جاری ہیں۔ کیلاش ویلی کا ثقافتی منظرنامہ ایک غیر معمولی طور پر محفوظ قدیم معاشرے کی عکاسی کرتا ہے جہاں صدیوں پرانی روایات، مذہبی رسومات، زبان، موسیقی، رقص اور طرز زندگی آج بھی اپنی اصل شکل میں موجود ہیں۔ وادی کیلاش خیبر پختونخوا کے کوہ ہندوکش کے دورافتادہ علاقوں بمبوریت، رمبور اور بریر میں واقع ہے جہاں آباد کیلاش برادری اپنی جداگانہ ثقافتی شناخت کے باعث دنیا بھر میں منفرد مقام رکھتی ہے۔ ماہرین کے مطابق وادی کیلاش کا منفرد جغرافیہ اور دشوار گزار پہاڑی ماحول اس ثقافت کے تحفظ میں کلیدی کردار ادا کرتا رہا ہے جس کے باعث یہاں کی تہذیبی روایات بیرونی اثرات سے بڑی حد تک محفوظ رہیں۔ یہی انفرادیت اسے عالمی ثقافتی اہمیت کا حامل بناتی ہے۔ ماہرین ثقافت اور سماجی حلقوں نے وادی کیلاش کو یونیسکو کی عالمی ورثہ فہرست میں شامل کیے جانے کو پاکستان کیلئے ایک بڑی سفارتی، ثقافتی اور سیاحتی کامیابی قرار دیا ہے۔ اس فیصلے سے نہ صرف پاکستان کا مثبت اور روشن تشخص دنیا بھر میں اجاگر ہوگا بلکہ ملکی سیاحت، ثقافتی تحقیق اور بین الاقوامی روابط کو بھی فروغ ملے گا۔ تجزیہ کاروں کے مطابق یونیسکو کی جانب سے وادی کیلاش کو عالمی ثقافتی ورثہ قرار دینا دراصل پاکستان میں مذہبی رواداری، ثقافتی تنوع اور اقلیتی برادریوں کے تحفظ کے حوالے سے عالمی اعتراف ہے۔ یہ اقدام اس امر کا بھی ثبوت ہے کہ پاکستان اپنی قدیم تہذیبی شناخت اور ثقافتی سرمائے کے تحفظ کیلئے سنجیدہ اور متحرک کردار ادا کر رہا ہے۔

بقیہ 59 پیداوار

پیداوار میں اضافہ اور لوڈشیڈنگ میں کمی لانا ہے۔ تاہم سی این جی کی بندش کے باعث ٹرانسپورٹرز کو مہنگے پیٹرول پر انحصار کرنا پڑ رہا ہے، جس سے کرایوں میں اضافہ ہو گیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پہلے ہی مہنگائی کی وجہ سے مشکلات بڑھ چکی ہیں اور اب سفری اخراجات میں اضافے نے ان کی پریشانیوں میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ ٹرانسپورٹرز اور عوامی حلقوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ گیس کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا جائے اور سی این جی سیکٹر کو جلد بحال کیا جائے تاکہ عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ عوام نے خبردار کیا ہے کہ اگر صورتحال کا فوری نوٹس نہ لیا گیا تو مشکلات میں مزید اضافہ ہوگا اور معمولات زندگی شدید متاثر ہو سکتے ہیں۔

بقیہ 60 آواز

ہو جائیں اور ان کے حقوق کے لئے آواز بلند کریں۔ خصوصا ڈسٹرکٹ نوشہرہ خیبر پختونخوا میں افغان باشندوں کو واپسی کے دوران شدید مشکلات کا سامنا ہے بارڈر عبور کرنے کے لئے ٹوکن حاصل کرنے میں افغان خاندانوں کو سخت پریشانی اور مشکلات پیش آ رہی ہیں جس کے باعث کئی خاندان شدید ذہنی اذیت اور طویل انتظار کا شکار ہیں۔ افغان باشندوں نے اس صورتحال کے حوالے سے بانی سنٹرل چیئرمین سیول رائٹ فاؤنڈیشن آف پاکستان کمشنر (منتظر خان) کو آگاہ کیا جس پر انہوں نے فوری توجہ دیتے ہوئے اس مسئلے کے حل کے لئے عملی کوششیں شروع کر دیں ہیں انہوں نے ڈسٹرکٹ نوشہرہ سیول رائٹ فاؤنڈیشن کے تمام چیئرمینوں اور عہدیداران کو ہدایات جاری کیں کہ متاثرہ خاندانوں کی ہر ممکن مدد کی جائے اور متعلقہ اداروں تک ان کی آواز مؤثر انداز میں پہنچائی جائے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر سی آر ایف ڈاکٹر نور الحق وزیر اور ڈائریکٹر سی آر ایف عباد عبداللہ نے بھی اپنی ٹیم کو تاکید کی ہے کہ جہاں کہیں بھی مظلوم افراد مشکلات کا شکار ہوں وہاں فوری طور پر پہنچ کر ان کی معاونت اور رہنمائی کی جائے۔ مزید برآں بانی سنٹرل چیئرمین سیول رائٹ فاؤنڈیشن آف پاکستان سابق کمشنر منتظر خان اپنی ٹیم کے ہمراہ ڈسٹرکٹ نوشہرہ کا دورہ کر چکے ہیں اور افغان باشندوں کو درپیش مسائل کا جائزہ لینے کے بعد ان کے حل کے لئے مزید کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں تاکہ متعلقہ حکام کے ساتھ مل کر مؤثر اقدامات کئے جاسکیں۔ سیول رائٹ فاؤنڈیشن آف پاکستان ہمیشہ انسانیت، انصاف اور مظلوم عوام کے حقوق کے تحفظ کے لئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 61 زرعی

ترقی، زمینداروں میں جدید زرعی رجحانات کو فروغ دینا اور انہیں کلائمیٹ سمارٹ ایگریکلچر اور ورٹیکل فارمنگ جیسے جدید طریقوں سے آگاہ کرنا تھا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ڈائریکٹر ایگریکلچر ایبٹ آباد الطاف الرحمن نے منصوبے کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی بریفنگ دی اور جدید زرعی اقدامات، زرعی مداخل کی فراہمی اور کاشتکاروں کی استعداد کار بڑھانے کے حوالے سے جاری سرگرمیوں پر روشنی ڈالی۔ ڈپٹی کمشنر سرمد سلیم اکرم نے اپنے خطاب میں کہا کہ زراعت ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اور اس شعبے کی ترقی کے بغیر پائیدار معاشی استحکام ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت زمینداروں کو جدید سہولیات، تربیت اور تکنیکی معاونت فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے زمینداروں پر زور دیا کہ وہ موسمیاتی تبدیلیوں کے پیش نظر جدید زرعی طریقہ کار اپنائیں، کلائمیٹ سمارٹ ایگریکلچر کو فروغ دیں اور جدید تربیت سے مستفید ہو کر پیداوار میں اضافہ اور نقصانات میں کمی کو یقینی بنائیں۔ پروگرام میں ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر ساجد صدیق، صدر ماڈل فارم سروسز سینٹر راشد خان سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر زمینداروں اور ایگریکلچر اسٹاف کے ساتھ سوال وجواب کا سیشن بھی منعقد کیا گیا، جس میں شرکاء کو درپیش مسائل کے حل اور رہنمائی فراہم کی گئی۔

☆☆☆☆☆☆☆

ہری پور۔ ڈسٹرکٹ بوائے سکاؤٹ ایسوسی ایشن کے انتخابات میں حصہ لینے کے لیے امیدوار برائے ضلعی سیکرٹری عماد اعجاز اپنے گروپ کے ہمراہ کاغذات نامزدگی جمع کرواتے ہوئے

بجلی بلوں کی عدم ادائیگی، واپڈا نے بجلی میٹرز اتار لئے

ہری پور(کرائم رپورٹر)بجلی بلوں کی عدم ادائیگی،کھلابٹ ٹاؤن شپ سمیت ہری پور کے پانی کے ٹیوب ویلوں کے بجلی کے میٹرز واپڈا کی جانب(بقیہ صفحہ 3نمبر 1 4)

بجلی ناروالوڈشیڈنگ نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے

ہری پور(چیف رپورٹر)ضلع ہری پور میں بجلی کی غیر اعلانیہ اور ناروا لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی زندگی اجیرن (بقیہ صفحہ 3نمبر 9 3)

رسہ گیر گروہ کی گرفتاری تھانہ مانگل کی کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے

جرائم کے خاتمہ کے لیے سیول سوسائٹی اور پولیس کا چولی دامن کا ساتھ ہوتا ہے،شہری

ایبٹ آباد(نامہ نگار)ایبٹ آباد رسہ گیر گروہ کی گرفتاری تھانہ مانگل پولیس کی شاندار کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے رسہ گیروں کی گرفتاری پر شہریوں میں خوشی کی لہر جرائم کے خاتمہ کے لیے سیول سوسائٹی اور پولیس کا چولی دامن کا ساتھ ہے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز تھانہ مانگل پولیس نے سرچ آپریشن کیدوران بین الصوبائی رسہ گیر گروہ گرفتار کیا 6رکنی گروہ پورے پاکستان میں مال مویشی چوری کرنے کی (بقیہ صفحہ 3نمبر 2 9)

ڈائریکٹر جے ڈی اے رحمت علی وزیر کی کاغان میں کھلی کچہری

غیر قانونی طور پر کسی کا نقشہ پاس نہیں ہوگا البتہ جائز اور قانونی طور پر نقشے پاس ہوں گے

بالاکوٹ(نمائندہ شمال)ڈائریکٹر جنرل کاغان ڈویلپمنٹ اتھارٹی رحمت علی وزیر نے ہوٹل انڈسٹری اور کاغان ویلی کے عوام کے مسائل جاننے اوران کے حل کے لیے مشہور سیاحتی مقام شوگران اور کاغان میں ایک کھلی کچہری کا انعقاد کیا کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے رحمت علی وزیر نے کہا کہ کاغان ڈویلپمنٹ اتھارٹی سیاحتی علاقوں اور سیاحت سے وابستہ افراد کے مسائل حل کرنے وادی کاغان میں(بقیہ صفحہ 3نمبر 3 0)

عزیر شیر خان کی سپیکر صوبائی اسمبلی بابر سلیم سواتی سے ملاقات

تحصیل چیئرمین حویلیاں نے سپیکر صوبائی اسمبلی کو تمام تر مسائل سے آگاہ کیا

حویلیاں(نمائندہ شمال)تحصیل چیئرمین حویلیاں عزیر شیر خان پشاور اسپیکر صوبائی اسمبلی بابر سلیم سواتی سے ان کے چیمبر میں ملاقات دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ ملاقات میں علاقائی مسائل کے حوالے سے گفتگو کی تحصیل چیئرمین حویلیاں عزیر شیر خان نے اسپیکر صوبائی اسمبلی بابر سلیم سواتی کو تحصیل حویلیاں کے عوامی مسائل بتائے جس بابر سلیم خان سواتی نے تحصیل چیئرمین حویلیاں عزیر شیر خان کے مسائل سنتے ہوئے انھیں تحصیل حویلیاں کے تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرنے کا(بقیہ صفحہ 3نمبر 3 1)

ڈی پی او ہری پور کی دوہرے قتل واقعہ پر متاثرہ خاندان سے ملاقات

ملوث ملزم کو جلد از جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا،یقین دہانی

ہری پور(چیف رپورٹر)ضلع ہری پور میں پیش آنے والے دوہرے قتل کے افسوسناک واقعہ پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شفیع اللہ گنڈاپور نے متاثرہ خاندان سے ملاقات کی اور دلی ہمدردی وتعزیت کا اظہار کیا۔ڈی پی او نے مرحومین کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہونے کا یقین دلایا۔(بقیہ صفحہ 3نمبر 3 2)

تربیلہ ڈیم پر پاکستان اور سری لنکا کی مشترکہ فوجی مشقیں

دو ہفتوں کے لئے مشترکہ مشقوں کا باقاعدہ آغاز 27 اپریل کو تربیلا میں ہوا ہے

ہری پور(نمائندہ خصوصی)تربیلہ ڈیم پر پاکستان اور سری لنکا کی مشترکہ فوجی مشقوں شیک ہینڈ زٹو کا آغاز ہوگیا، یہ مشقیں دو ہفتوں تک جاری رہیں گی اور۔تفصیلات کے مطابق پاکستان اور سری لنکا کے درمیان فوجی تعاون کو (بقیہ صفحہ 3نمبر 3 3)

ایس ایچ او تھانہ حطار نے مثالی کردارگی پر حکام بالا کے دل جیت لئے

کلیدی کردار ادا کرنے پر ساجد نواز خان کو خصوصی انعام اور تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا

ہری پور(نمائندہ خصوصی)خیبر پختونخوا پولیس کے ماتھے کا جھومر اور جرائم پیشہ افراد کے لیے دہشت کی علامت، ایس ایچ او تھانہ حطار ساجد نواز خان کی بے مثال کارکردگی نے اعلی حکام کے دل جیت لیے ڈی جی آئی جی ہزارہ نے علاقے میں امن(بقیہ صفحہ 3نمبر 3 4)

ایس پی ٹریفک مانسہرہ کا شہر کی مختلف شاہراؤں کا دورہ

ڈیوٹی پر موجود ٹریفک اہلکاروں سے ملاقات کی اور ٹریفک کی روانی کا جائزہ لیا

پھلڑہ(نمائندہ شمال)نو تعینات ایس پی ٹریفک مانسہرہ جہانزیب خان نے صبح کے اوقات میں سکول ٹائم کے دوران شہر کے مختلف اہم شاہراہوں اور مصروف چوکوں کا دورہ کیا ان کے ہمراہ انسپکٹر ٹریفک انس خان بھی موجود تھے۔اس موقع پر انہوں نے ڈیوٹی پر موجود ٹریفک اہلکاروں سے ملاقات کی اور ٹریفک کی روانی کا جائزہ(بقیہ صفحہ 3نمبر 4 2)

آرٹیفیشل انٹیلی جنس برائے خلائی تحقیق کے موضوع پر سیمینار

انعقاد یونیورسٹی آف ہری پور میں کیا گیا،مقررین نے طلبہ کو جدید تقاضوں سے آگاہ کیا

ہری پور(ڈپٹی بیورو)یونیورسٹی آف ہری پور میں "آرٹیفیشل انٹیلیجنس برائے خلائی تحقیق"کے موضوع پر ایک خصوصی سیمینار کا انعقاد کیا گیا،جس میں طلبہ، اساتذہ اور ٹیکنالوجی سے وابستہ افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔سیمینار(بقیہ صفحہ 3نمبر 4 0)



پھلڑہ پی ٹی سی چیئرمین پھلڑہ راجہ طارق محمود ADEO pmd محمد سرفراز تنولی سے ملاقات کر رہے ہیں

الخدمت فاؤنڈیشن کا بنیادی مقصد دکھی انسانیت کی خدمت ہے

متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیاں بھرپور طریقے سے جاری رکھتی جاتی ہیں،علی احمد شاہ

مانسہرہ(ڈسٹرکٹ نامہ نگار + تحصیل جنرل رپورٹر)الخدمت فاؤنڈیشن کے ضلعی صدر علی احمد شاہ نے کہا ہے کہ تنظیم کا بنیادی مقصد دکھی انسانیت کی (بقیہ صفحہ 3نمبر 3 8)

بیرسٹر سگین سلطان خان نے ہسپتال میں مریض کی عیادت کی

مانسہرہ(نیوز رپورٹر)بیرسٹر سگین سلطان خان کی کنگ عبداللہ(بقیہ صفحہ 3نمبر 3 6)

سہیل قریشی کے والد کی وفات پر اظہار تعزیت

مانسہرہ(تحصیل جنرل رپورٹر+ڈسٹرکٹ نامہ نگار)ڈی پی او مانسہرہ محمد اظہر خان کی پی آر او سہیل قریشی کے(بقیہ صفحہ 3نمبر 3 5)

غیر قانونی مقیم غیر ملکی افغان شہریوں کے خلاف کارروائیاں تیز

غیر قانونی طور پر رہائش پذیر غیر ملکی افغان شہریوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی

مانسہرہ(تحصیل جنرل رپورٹر+ڈسٹرکٹ نامہ نگار)غیر قانونی مقیم غیر ملکی افغان شہریوں کے خلاف کارروائیاں تیز، صوبائی حکومت کی ہدایات اور ڈپٹی (بقیہ صفحہ 3نمبر 3 7)

پھلڑہ ہائیر سیکنڈری سکول پھلڑہ کے مسائل پر گفتگو کے بعد ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر مانسہرہ محمد معروف خان کے ہمراہ گروپ فوٹو

پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھنے کا امکان

پیٹرول کی قیمت 400روپے فی لیٹر کی تاریخی سطح عبور کرنے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے

ہری پور(کرائم رپورٹر)عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے کے بعد پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑے اضافے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے،جس کے باعث پیٹرول کی قیمت 400 روپے فی لیٹر کی تاریخی سطح عبور کرنے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق بین الاقوامی منڈی(بقیہ صفحہ 3نمبر 4 3)

شکیل تنولی کی دبئ میں مقیم سرور زیب اعوان کے دفتر آمد

تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کے بانی شکیل تنولی قابل قدر خدمات انجام دے رہے ہیں

اسلام آباد(بیورو رپورٹ)تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کے بانی شکیل تنولی کی دبئ میں مقیم فرینڈز گروپ آف کمپنیز کے مالک اور قومی تحریک ضلع تنول اوورسیز کے صدر سرور زیب اعوان کے دفتر فرینڈز ریئل اسٹیٹ، انٹرنیشنل سٹی، دبئ میں(بقیہ صفحہ 3نمبر 4 5)

سی این جی کی بندش نے ٹرانسپورٹرز اور عوام کو پریشان کر دیا

ہری پور(بیورو رپورٹ)ضلع ہری پور میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے اور سی این جی کی بندش نے ٹرانسپورٹرز اور عام شہریوں (بقیہ صفحہ 3نمبر 4 4)

سکاؤٹ ایسوسی ایشن الیکشن کے لئے عماد اعجاز کے کاغذات جمع

کھلابٹ(نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ بوائے سکاؤٹ ایسوسی ایشن ضلع ہری پور کے انتخابات میں (بقیہ صفحہ 3نمبر 4 6)

مانسہرہ خادم عبدالوحید کنگ عبداللہ ہسپتال میں مریض بچی کو طبی امداد کے دوران سستی کا مظاہرہ کرنے پر انتظامیہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر رہے ہیں

گل محمد خان اور معصوم خان گروپ کے درمیان صلح ہوگئی

بٹگرام(نمائندہ شمال)گل محمد خان اور معصوم خان گروپ کے درمیان صلح کرنی پر مبارک باد اکرام اللہ گوزہ بانڈہ قوت خان نے گاں پشوڑہ کے درمیان دو خاندانوں معصوم خان اور گل محمد ناظم کے درمیان (بقیہ صفحہ 3نمبر 4 7)

فروغ تعلیم ،طلباء کو سہولیات فراہمی ہمارا فرض ہے، ڈی ای او معروف خان کی پھلڑہ کے نمائندہ وفد راجہ طارق ،محمد سعید سے ملاقات میں گفتگو

پھلڑہ(نمائندہ شمال)تعلیم کا فروغ اور ضروریات تعلیم طلباء کو سہولیات کی فراہمی ہمارا فرض ہے، ڈی ای او ایجوکیشن مانسہرہ معروف خان کی پھلڑہ کے نمائندہ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے روز پرنسپل ہائیر سیکنڈری سکول پھلڑہ چیئرمین پی ٹی سی راجہ محمد طارق ممبر پی ٹی سی محمد سعید نے ڈی ای او ایجوکیشن مانسہرہ محمد معروف خان سے ملاقات کی اور ہائیر سیکنڈری سکول پھلڑہ کے مسائل ، کمروں کی کمی اور دیگر مسائل پر بات چیت کی جس(بقیہ صفحہ 3نمبر 4 8)

ہری پور اسسٹنٹ کمشنر نور نواز نے اے سی ہیڈ کوارٹر کا چارج سنبھال لیا

قومی تحریک برائے ضلع تنول کے بانی شکیل تنولی اور اوورسیز کے لیے تحریک کے صدر سرور زیب اعوان کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

ہری پور۔تھانہ صدر کی حدود نور پور میں ڈکیتی کی واردات میں ملوث ملزمان پولیس کی حراست میں

آمان اللہ خان آمان کی زیر صدارت سینئر سٹیزن فورم شنکیاری کا اجلاس

سرپرست اعلی حضرت مولانا قاضی وصی الرحمن نے تلاوت قرآن کریم سے اجلاس کا آغاز کیا

شنکیاری(جنرل رپورٹر)سینئر سٹیزن فورم شنکیاری کا اجلاس منگل کے روز چیئرمین میجر(ر)آمان اللہ (بقیہ صفحہ 3نمبر 4 9)



کھلابٹ۔سابق تحصیل نائب ناظم ہری پور سلیم خان تنولی میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے

غمزدہ خاندان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں،سابق تحصیل نائب ناظم

کھلابٹ(نمائندہ خصوصی)کھلابٹ سیکٹر نمبر 2 میں نوجوان حادثہ کی بدولت آگ کی لپیٹ میں آ کر جاں بحق ہوا جو کہ ایک انتہائی افسوس ناکہ حادثہ تھا غم(بقیہ صفحہ 3نمبر 5 0)

حویلیاں، چیئرمین پی آئی ایچ آر شہزاد خان اور ڈاکٹر عثمان خان کا دورہ ایبٹ آباد جیل کے موقع پر سپرنٹنڈنٹ جنید بخاری کے ہمراہ گروپ فوٹو

POSITIONS VACANT

Muslim Hands School of Excellence Reerh Gallah (Mansehra)

A Welfare Project of Muslim Hands Pakistan requires the services of the following staff.

Job Title	No of Post	Qualification	Experience &Skills
Assistant Teacher for Class Prep (Female)	1	BA/BS (B.Ed Preferred)	At least two years experience in a reputable school. Applicant must have hands-on experience of computer applications and have good communication skills.
Physical Training Instructor(PTI)	1	FA/BA Diploma in Physical Education/ Army retired will be preferred	At Least 2 years experience in reputable school /college.

Send your CVs at Email: kinza.mehboob@pk.mhworldwide.org or through post/courier to "The Muslim Hands School of Excellence, Reerh Gallah Balakot Road Mansehra, not later than 15th May , 2026.
Phone# 0997-550205. Cell #0334-9275328.
Only shortlisted candidates will be called for Test/Interview.